Volume I
No. 4

SP. 1-4-76 (E)
250

# THE SENATE OF PAKISTAN

# DEBATES

## OFFICIAL REPORT

**Wednesday, March 3, 1976**

**CONTENTS**


| | Pages |
|---|---|
| Starred Questions and Answers ... ... ... | 137 |
| Privilege Motion *Re* : Arrest and detention of the mover by the Karachi Police—*Ruled out* ... ... ... | 143 |
| Adjournment Motion *Re* : Mistakes in telephone bills in Karachi region—*Ruled out* ... ... ... ... | 149 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the Centres of Excellence (Amendment) Bill, 1976—*Road out* ... | 159 |
| Message from the National Assembly *Re* : Adoption of the Railways (Amendment) Bill, 1976—*Read out* ... ... | 159 |
| The Labour Laws (Amendment) Bill, 1976—*Introduced* ... | 160 |
| The Employees' Old-Age Benefits Bill, 1976—*Introduced* ... | 160 |
| Point of order *Re* : Ministers cannot amend Ordinances while introducing them in the House as Bills—*Upheld* ... ... | 160 |
| The Travel Agencies Bill, 1975—*Passed* ... ... ... | 161 |


PRINTED AT THE MACLAGAN PRESS, CHURCH ROAD, LAHORE

PUBLISHED BY THE MANAGER OF PUBLICATIONS, KARACHI.

*Price : Paisa 50*

# SENATE DEBATES

## SENATE OF PAKISTAN

Wednesday, March 3, 1976

The Senate of Pakistan met in the Senate Chamber, (State Bank Building), Islamabad, at ten of the clock in the morning, Mr. Chairman (Mr. Habibullah Khan) in the Chair.

(*Recitation from the Holy Quran*)

## STARRED QUESTIONS AND ANSWERS

**Mr. Chairman :** Now, we take up questions. Question No. 14.

### SEEPAGE IN NAWAB SHAH

14. ***Mr. Ghulam Rasool A. Siddiqui :** Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to state :

(a) whether the Government is aware of the fact that Tehsil Kandiaro, District Nawab Shah, has been greatly affected by seepage ;

(b) if answer to (a) above be in the affirmative, whether any survey of the area so affected has been undertaken ;

(c) if answer to (b) above be in the affirmative, whether any tubewells are intended to be installed for controlling the seepage ; and

(d) if answer to (c) above be in the negative, what steps Government intends to take ?

**Mr. Mohammad Yosuf Khattak** (Read by Mr. M. Rafi Raza, Minister for Production) : (a) Yes, it was affected by Waterlogging but as a result of the measures already taken groundwater table in approximately 75% of the area has been lowered by more than 6 feet.

(b) Yes.

(c) Yes, 183 tubewells have already been installed in the Sweet Groundwater area within the Taluka Kandiaro which were put into operation in September/October, 1974. Work in the saline zone area will be taken up later on.

(d) Not applicable.

**Mr. Chairman :** Next question No. 15.

## CEMENT FACTORY AT KOT-DIJI

15. ***Mr. Ghulam Rasool A. Siddiqui :** Will the Minister for production be pleased to state :

(a) whether the Government intends to set up a cement factory at Kot-Diji, District Khairpur ;

(b) If the answer to (a) above be in the affirmative, when ; and

(c) what will be its capacity ?

**Mr. M. Rafi Raza :** (a), (b) and (c)—No. At present there is no plan to set up a cement factory at Kot-Diji, District Khairpur.

**Mr. Chairman :** Next question No. 16.

## COST OF IMPORTED GASOLINE

16. ***Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to stete :

(a) the landed cost per gallon of imported :—

(i) automotive gasoline (100 octane) ;

(ii) motor gasoline ;

(iii) H.S.D. Oil ;

(iv) Light diesel oil ; during the month of December, 1975 ; and

(b) the rate of import duty on each of the items mentioned in (a) above ?

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak (Read by Mr. M. Rafi Raza Minister for Production) :** (a) (i) Rs. 5.75 per gallon.

(ii) Not imported.

(iii) Rs. 4.48 per gallon.

(iv) Rs. 4.23 per gallon.

(b) The rate of import duty on each of the items mentioned in (a) above are :—

(1) Automotive gasoline (100 Octane)—Rs. 4.00 per gallon.
(2) Motor Gasoline—Not imported.
(3) HSD—Rs. 1.35 per gallon.
(4) LDO—Rs. 0.575 per gallon.

**Mr. Chairman :** Next question No. 17.

COST OF IMPORTED TRACTORS

17. ***Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for production be pleased to state :

(a) the landed cost of various makes of tractors imported during 1974-75 and 1975-76 ; and

(b) the import duty on such tractors ?

**Mr. M. Rafi Raza :** (a) and (b)—A statement is placed on the table of the House.

THE FOLLOWING MAKE AND MODEL WISE TRACTORS WERE IMPORTED DURING THE PAST TWO YEARS

**1974-75 :**

| *Make* | *Landed cost* | *Customs duty* |
|---|---|---|
| Massey Ferguson 135 (47 HP) | Rs. 33,800 | Rs. 2,972 |
| Fiat 480 (48 HP) | Rs. 47,911 | Rs. 4,240 |
| Fiat 640 (64 HP) | Rs. 59,428 | Rs. 5,186 |
| Belarus MTZ Super (50 HP) | Rs. 26,001 | Rs. 2,930 |
| Ford 3000 (46 HP) | Rs. 46,294 | Rs. 4,032 |
| **1975-76 (To-date)** | | |
| Massey Ferguson 135 (47 HP) | Rs. 56,333 | Rs. 4,956 |
| Fiat 480 (48 HP) | Rs. 47,911 | Rs. 4,240 |
| Fiat 640 (64 HP) | Rs. 59,428 | Rs. 5,186 |
| Ford 3600 (46 HP) | Rs. 46,294 | Rs. 4,174 |
| Belarus MTZ 50 (55 HP) | Rs. 48,814 | Rs. 4,154 |

*Note* : (1) Landed cost includes C & F price, import charges, local content, Customs duty and inland frieght.

(2) Where the tractors came in at two different prices during the year, the landed cost has been shown at the highest import price during the year.

**Mr. Chairman :** Next question No. 18.

## PROVINCIAL QUOTA FROM TARBELA RESERVOIR

18. ***Khawaja Mohammad Safdar :** Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to refer to his answer to my starred Question No. 11 given on 15th November, 1975, and state the quantity of water proposed to be released to each Province out of the 1.6 million acre feet of water to be released from the Tarbela Reservoir during the current Rabi season ?

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak** (Read by Mr. M. Rafi Raza, Minister for Production) : The stored water a Tarbela is being released keeping in view the requirements of the schedule of repairs of stilling basins of Tunnels 3 and 4 and the safe operation of the spillway. It is proposed to gradually lower the reservoir level to elevation 1500 feet by the end of March, 1976. The 1.6 million acre feet of stored supplies so released are being distributed between the Provinces by the Federal Government on an *ad-hoc* basis keeping in view their respective demands but without prejudice t o their rihgts or claims. This is an interim arrangement till the question of apportionment of riverwaters is resolved.

A substantial portion of the storage at Tarbela out of the 1.6 MAF is yet to be released. Since the requirements of various provinces are dependent upon a number of factors, it is not possible at this stage to forecast as to the exact quantity of water that may be released to each province.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Supplementary, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes.

**خواجہ محمد صفدر :** مہربانی کرکے محترم وزیر صاحب اپنے سوال کے اس حصہ کی جانب توجہ فرمائیں -

> "The 1.6 million acre feet of stored supplies so released are being distributed between the Provinces by the Federal Government on an *ad-hoc* basis keeping in view their respective demands."

میں نے تو پوچھا ہے کس کس شرح سے مختلف صوبوں کو یہ پانی تقسیم کیا جا رہا ہے وہ بتایا جائے - یہ تو میں نے نہیں پوچھا -

**M. M. Rafi Raza (Minister for Production) :** I have said it is done on an *ad-hoc* basis.

**Khawaja Mohammad Safdar :** What is that basis ? What is the ratio ?

**Mr. M. Rafi Raza :** Sir, I would require notice for that.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Of course, this is the basic question. May I read my question. It reads ;

"Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to refer to his answer to my starred Question No. 11 given on 15th November, 1975, and state the quantity of water proposed to be released to each Province out of the 1.6 million acre feet of water to be released from the Tarbela Reservoir during the current Rabi season?"

میں نے ربیع سیزن کے متعلق پوچھا ہے وہ گزر چکا ہے میں نے پوچھا ہے کہ اس کو کتنا رلیز کیا ہے ؟

**Mr. M. Rafi Raza :** Sir, I would suggest that if the honourable Member agrees the supplementaries may be deferred till the Minister comes back.

**Mr. Chairman :** The answer is not complete, because you are not in position to reply. The Minister concerned is not present. So, the supplementaries and their answers are deferred.

Then, we move on to the next question. Question No. 19.

## ESTIMATED DEMAND OF TRACTORS

19. ***Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari :** Will the Minister for production be pleased to state :

(a) the projected estimates for annual demand of tractors in Pakistan during the next 5 years.

(b) the estimates of foreign exchange expenditure on tractors to be imported during the next 5 years ; and

(c) whether Government intends to set up a modern integrated Manufacturing Plant with a capacity to produce annually 10,000 to 15,000 medium size (35-60 Hourse Power) tractors ; if so, the estimates of expenditure in foreign exchange and local currency.

**Mr. M. Rafi Raza :** (a) The current demand for agricultural tractors in the country is estimated at between 12,000 to 10,000 units. The annual rate of increase is estimated to be of the order of 10% over the next five years. From time to time, studies are carried out to assess farmers' requirements and imports of tractors are arranged accordingly, keeping in view the availability of resources.

(b) Approximately Rs. 355 crores would be required for the import of tractors during the next five years.

(c) Yes. A number of offers from world's reknowned manufacturers are under consideration. Estimated expenditure is about Rs. 53 crores of which Rs. 40 crores is expected to be the foreign exchange component.

**Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari :** Supplementary, Sir. Would the honourable Minister be pleased to state whether the Government attaches a very high priority to the setting up of a tractor manufacturing plant ?

**Mr. M. Rafi Raza :** Sir, in fact it is under this Government that for the first time serious consideration is being given to the setting up of a composite plant not just an assembly line which has been there, and which is there at present, but the setting up of an integrated composite plant. We have asked the manufacturers from various countries to let us have proposals for the setting up of an integrated composite manufacturing plant.

**Mr. Ghulam Rasool A. Siddiqui :** Supplementary, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes.

جناب غلام رسول اے صدیقی : کیا یہ حقیقت ہے کہ ٹریکٹر بنانے کی مشینری سکھر میں پڑی ہوئی ہے اور وہاں فیکٹری نہیں بنائی جا رہی ہے ؟

**Mr. M. Rafi Raza :** I am not aware of that. At present the assembly line is Millat Tractors at Lahore not at Sukkur.

جناب چیئرمین : جواب آ گیا ہے -

**Mr. Chairman :** Ne xt question No. 20.

### OIL REFINERY IN KOT ADDU

20. ***Mr. Farooq Ahmad Khan Leghari :** Will the Minister for Fuel, Power and Natural Resources be pleased to state :

(a) whether the Government have decided to set up the Pak Arab Oil Refinery in Kot Addu Tehsil of Muzaffargarh District ; and

(b) whether, keeping in view the strategically safer location of Dera Ghazi Khan and less expenditure in foreign exchange in laying the pipeline, Government have any plans to shift the site of the aforesaid Oil Refinery from Kot Addu to Dera Ghazi Khan ?

**Mr. Mohammad Yusuf Khattak :** (Read by **Mr. M. Rafi Raza,** Minister for Production) : (a) Yes.

(b) No.

**Mr. Chairman :** The questions are over. Now privilege motions in the same order in which they were postponed. I think there is one privilege motion which stands deferred to 4th and there is one which we postponed till today. Yes please !

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ ہے پریولیج موشن نمبر ۲ -

**Mr. Chairman :** Yes, No. 2.

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** May I read it, Sir ?

**Mr. Chairman :** Yes.

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** The attention of the House is drawn towards a serious breach of personal privilege which is as follows :

> "The misbehaviour of the police with myself on 19th December, 1975 when in connection with the black day I went to address a meeting........"

**جناب چیئرمین :** یہ تو آپ اور پڑھ رہے ہیں نمبر ۲ پڑہیں نمبر ۲ میں یہ ہے کہ آپ کو ۱۹ دسمبر ۱۹۷۵ء سولجر بازار کراچی میں گرفتار کیا گیا تھا -

## PRIVILEGE MOTION *Re* : ARREST AND DETENTION OF THE MOVER BY THE KARACHI POLICE

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** "On 19th December, 1975, I was arrested and detained in Soldier Bazar, Police Station, Karachi for about two hours, *i.e.*, from 4-00 p.m. to about 6-30 p.m. by S. D. M. Shafiq Paracha of Civil Lines with the help of S. P. Central Moobin Peshawar, who told me that I am under arrest. Others detained with me included Mr. Obadur Rahman, Advocate of Karachi, Retd. Air Marshal Asghar Khan and Sardar Sher Baz Mazari, MNA. The abovesaid officials did not comply with the provisions of rules 64 and 65, and have thus caused a breach of privilege."

**Malik Mohammad Akhtar (Minister for Law and Parliamentary Affairs) :** Opposed, Sir.

**Mr. Chairman :** Opposed ?

**Malik Mohammad Akhtar :** Opposed, Sir. If he likes to make a short statement, then after that I will speak in reply.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** سر ! وہ واقعہ بڑا مختصر سا ہے اور قابل فہم بھی ہے - کوئی ایسی عجلت کی بات نہیں ہے اس میں میں نے پوری صفائی کے ساتھ عرض کر دیا ہے - جو بات مجھے خصوصیت سے عرض کرنا تھی وہ یہ ہے کہ اس detention کی اطلاع قوائد و ضوابط کے مطابق ہمارے چیئرمین صاحب کو نہیں دی گئی اور چونکہ ضوابط کی خلاف ورزی ہوتی ہے اس لئے میں سمجھتا تھا کہ breach of privilege ہے - نمبر ۲ یہ کہ detention ظاہر ہے بغیر وارنٹ کے ہونی نہیں چاہیئے - کسی قسم کا وارنٹ show نہیں کیا گیا نہ گرفتاری کے وقت اور نہ بعد میں دونوں ہی صورتیں پیش آئیں -

**جناب چیئرمین :** یہ تو آپ کی شکایت نہیں ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : بس یہ مختصر سا عرض کرنا تھا ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, the facts of the arrest of the honourable Senator as alleged in privilege motion No. 2 are denied. He was never arrested. Now, I would read the relevant rules.

**Mr. Chairman :** No, no, you have not to read the rules for facts.

**Malik Mohammad Akhtar :** The facts are denied, Sir.

خواجہ محمد صفدر : جناب مولانا صاحب کیا تھانے میں چائے پینے کے لئے گئے تھے ؟

ملک محمد اختر : جناب اس کا جواب یہ ہے :

گل وگل چین کا گلہ اے بلبل خوش آہنگ نہ کر
تو تو گرفتار ہوئی ہے اپنی ندا کے باعث

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : گرفتاری کو admit کر لیا ۔

ملک محمد اختر : یہ جناب ۔ ۔ ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اقراری مجرم ہیں اب یہ ۔

ملک محمد اختر : یہ جناب فرنٹیر میں کیوں جاتے ہیں ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : پہلے کہا کہ ہم deny کرتے ہیں اور اب کہہ رہے ہیں کہ :

'تو تو گرفتار ہوئی ہے اپنی ندا کے باعث' گرفتاری کا اقرار کر لیا ۔

ملک محمد اختر : پہلے بلبل بنو ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ بل ہیں اور بلبل مجھے کہہ رہے ہیں ۔

جناب چیئرمین : نہیں ، نہیں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : انہوں نے حضور والا ! اقرار کر لیا ہے مجھے بلبل کہا ہے اور خود بلبلہ ہیں ۔

ملک محمد اختر : میں تو اقرار کرتا ہوں ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : بلبلے کا اقرار کر لیا ۔

**Malik Mohammad Akhtar :** Sir, the facts are that he was never arrested. Arrest can only be on a criminal charge or on some sort of

allegation, and he did not commit any crime for which he would have been arrested, and we deny the facts, Sir.

**Mr. Mohammad Hashim Ghilzai :** How was he taken to the police station ?

**جناب چیئرمین :** گرفتار نہیں ہوئے تو وہ taken کیسے ہوئے ؟ وہ taken سے انکاری ہیں - وہ کہتے ہے کہ he was never taken -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** دیکھئے حضور والا ! میں ایک بات عرض کر دوں اس میں کہ سردار شیر باز خان مزاری ، ممبر آف دی پارلیمنٹ ، وہ بھی arrest کئے گئے اور دوسرے حضرات جن کا نام mention کیا گیا وہ بھی گرفتار کئے گئے اس واقع کو دیکھنے والے ایک دو نہیں - ہو سکتا ہے ملک اختر جو خود ۴/۱ ہیں وہ نہ دیکھ سکے ہوں نظر بھی بہرحال ان کی ¼ ہے وہ نہ دیکھ سکے ہوں - لیکن بہرحال ہزاروں آدمیوں کی موجودگی میں یہ واقعہ ہوا جو روڈ پر چل پھر رہے تھے اس لئے کہ بندر روڈ کراچی کا کوئی ایسا مقام نہیں ہے کہ جس کو گلی کہا جائے اور پھر وہ رات کا وقت بھی نہیں تھا - دن کا وقت تھا یعنی دن کے وقت ، دن دہاڑے پولیس نے جرم کا ارتکاب کیا ہے اور بغیر وارنٹ کے arrest کیا سب سے بڑا جرم جو جناب کی توجہ کے لائق ہے بحیثیت چیئرمین اور بحیثیت کسٹوڈین ہمارے حقوق کے، privileges کے وہ آپ کی خدمت میں یہ اطلاع پیش کرنا ہے کہ فلاں معزز رکن کو جوکہ آپ کے ایوان کا ممبر ہے ہم بحیثیت چیئرمین کے آپ کو مطلع کرنا چاہتے ہیں کہ ہم نے اس کو arrest کیا ہے - detain کیا ہے - جو کچھ بھی کیا ہے اس واقع کی اطلاع دینی چاہیئے تھی تو یہ privilege کے سلسلے میں انہوں نے article پڑھے ہیں - وہ بالکل ختم ہو جاتے ہیں - کیونکہ میں نے جس رول کا حوالہ دیا ہے زیر تحت رول ۶۴ اور ۶۵ کی ڈیوٹی ہے کہ اس قسم کا جو مذاق پورے ملک میں ہوتا ہے یعنی breach of privilege چیئرمین جو custodian ہیں ممبران کے حقوق کے ان کے ساتھ میں یہ زیادتی کرتے ہیں کہ ان کو مطلع نہیں کرتے - اس کا مطلب یہ ہے کہ ان کے حقوق و اختیارات کو تسلیم نہیں کرتے - یعنی آپ کے اختیارات کو تسلیم نہیں کرتے یعنی ایک اعتبار سے آپ کے اختیارات کو چیلنج ہے اور آپ کی اتھارٹی کو چیلنج ہے - اور وہ اس بات کو قابل توجہ اور قابل اعتماد ہی نہیں سمجھتے کہ آپ کی خدمت میں کم از کم اطلاع تو بھیج دیں کہ ہم نے فلاں رکن کو دو گھنٹے چار گھنٹے چھ گھنٹے کے لئے روکا تھا - جو بھی کیا تھا بہرحال -

**Mr. Chairman :** Thank you.

مولانا صاحب آپ تو ماشاء اللہ منطق خوب جانتے ہیں اور میرے خیال میں مجھ سے زیادہ جانتے ہیں جب arrest کو deny کیا گیا کہ arrest ہی نہیں ہوا جب arrest نہیں ہوتا تو رہا کرنے کا سوال ہی نہیں اٹھتا - رہائی تو جب ہوتی ہے جب

[Mr. Chairman]

arrest ہو جب آپ ان کے قول کے مطابق گرفتار نہیں ہوئے تھے تو رہائی کا مسئلہ بھی نہیں اٹھتا اور جب گرفتاری اور رہائی یہ دونوں مسئلے نہیں اٹھتے تو مجھے اطلاع دینے کی کیا ضرورت ہے ؟ دیکھیئے وہ تو بنیاد سے انکار کر رہے ہیں ۔ اگر وہ یہ تسلیم کر لیتے کہ یہ گرفتار ہوئے ہیں اور پھر آپ رہا ہوئے تو پھر یہ سوال اٹھتا کہ مجھے اطلاع کیوں نہیں دی گئی ۔ مجھے اطلاع دینے کی ضرورت رول کے مطابق اس وقت ہوتی ہے جب آپ گرفتار ہو جاتے ہیں اور رہا ہو جاتے ہیں تو ان کو زیر دفعہ ۶۴ اور ۶۵ پہلے گرفتاری کی اطلاع اور پھر رہائی کی اطلاع ضرور دینی چاہیئے تھی وہ تو انکاری ہیں کہ گرفتار ہی نہیں ہوئے تو رہائی کا سوال ہی نہیں اٹھتا جب رہائی اور گرفتاری کا سوال نہیں اٹھتا تو پھر مجھے اطلاع دینے کا سوال بھی نہیں اٹھتا یہ بھی چھوڑ دیجیئے ۔ میں آپ سے ایک اور سوال پوچھتا ہوں ۔ یہ جہاں پر ہے وہیں رہنے دیجیئے ۔ ایک رول ہے جس کے تحت آپ کے لئے یہ ضروری ہے کہ جونہی کوئی واقعہ ہو جائے تو آپ نے privilege motion کا نوٹس دینا ہے ۔ یہ واقعہ ہوا ہے ۱۹ دسمبر ۱۹۷۵ء کو اور آپ آئے ہیں ۲۷ فروری ۱۹۷۶ کو ۔ کوئی دو مہینے اور آٹھ دن کے بعد آپ آئے ہیں یہ دو مہینے آٹھ دن کی خاموشی کیوں ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اس لئے کہ اجلاس نہیں ہو رہا تھا first apportunity اس میں لکھا ہوا ہے ۔

**جناب چیئرمین :** میری بات سنیں ۔ میں کچھ اور کہہ رہا ہوں آپ کچھ اور فرما رہے ہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** قواعد و ضوابط کے مطابق ۔

**جناب چیئرمین :** میں قواعد و ضوابط کو quote کرتا ہوں قواعد میں لکھا ہوا ہے کہ :

> "The question shall relate to a specific matter," and secondly, shall be raised...may be raised or will be raised نہیں ہے......"shall be raised at the earliest opportunity".

آپ کے قول کے مطابق آپ کی گرفتاری ۱۹ دسمبر کو عمل میں آئی تھی لیکن اجلاس تو ۲۱ ، ۲۲ ، ۲۳ ، ۲۴ تک چلتا رہا تھا ۔ ۲۴ دسمبر تک اجلاس جاری رہا تھا تو پھر ؟

**جناب شہزاد گل :** ۲۱ ، ۲۲ کو اجلاس نہیں تھا ۔

**جناب چیئرمین :** آپ یہ ان پر چھوڑ دیجیئے ۔
This is not a question of law. This is a question of facts.

میں ان سے پوچھتا ہوں ، مولانا صاحب ، ایسا تو نہیں ہے

خاموشی من معنی دارد کہ در گفتن نمی آئید

میں درست ہوں یا غلط ، یہ بتائیے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** بالکل صحیح ہے -

**جناب چیئرمین :** صحیح ہے - آپ کو کوئی اعتراض تو نہیں ہے اگر میں rule out کر دوں ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جی نہیں -

**جناب چیئرمین :** صرف اس پوائنٹ پر ، آپ کے قول کے مطابق آپ گرفتار ہوئے تھے ۱۹ دسمبر کو اور سیشن ۲۰ ، ۲۱ ، ۲۲ ، ۲۳ ، ۲۴ تک چلتا رہا ، ۵ دن سیشن چلتا رہا آپ خاموش رہے - چونکہ رولز ۵۹ کی شق (۲) کے تحت آپ کے لئے ضروری تھا کہ آپ فوری آتے ، آپ نہیں آئے اس لئے اسے out of order قرار دیا جاتا ہے -

The privilege motion is ruled out of order.

باقی تو آج نہیں ہو سکتی -

**ملک محمد اختر :** باقی ان کی گرفتاری کی موشن ہے - alleged گرفتاری کی ، یہ فرنٹیر میں کیوں گئے تھے ؟

**جناب چیئرمین :** وہ تو ہم کو ہے -

**ملک محمد اختر:** وہ تو ہم کو ہے لیکن یہ فرنٹیر میں کس کام کے لئے تھے ، فرنٹیئر سے ان کو کیا محبت ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** وہاں خان قیوم صاحب رہتے ہیں - جو بھی وہاں جاتا ہے اس کو پکڑ لیتے ہیں -

**جناب عبدالقیوم خان :** ہمارا کوئی اختیار نہیں ہے -

**جناب چیئرمین :** یہ ایسی راز و نیاز کی باتیں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** کل سر ! وہ تو پیش ہو چکی تھی -

**جناب چیئرمین :** یہ ایسی راز و نیاز کی باتیں ہیں کہ ہمیں سمجھ نہیں آئی ، میری عقل تو قاصر ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** کبھی راز ہوتا ہے ، کبھی نیاز ہوتا ہے -

**Mr. Abdul Qaiyum Khan :** It is only the Provincial Government which can arrest. The Federal Government has no power to arrest.

**Mr. Chairman :** We are not taking that privilege motion today. It will be taken up tomorrow.

یہ تو یونہی بت کا مظاہرہ کر رہے ہیں ۔

**ملک محمد اختر :** آپ فرنٹئیر میں نہ جایا کریں ۔

**جناب چیئرمین :** آپ کو اعتراض نہ ہو ، تو میں کیا پوچھ سکتا ہوں کہ آپ دونوں میں عمر میں کون بڑا ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میرے خیال میں ، ملک اختر - ان کے صاحبزادے میری عمر کے برابر ہیں ۔

**جناب چیئرمین :** اچھا ، اچھا ۔

**Mr. Aziz Ahmed :** Mr. Chairman. Sir, there is a privilege motion No. 4. Is there any objection to it being taken up today? I am ready to answer it.

**Mr. Chairman :** Privilege motion or adjournment motion ?

**Mr. Aziz Ahmed :** Privilege motion.

**Mr. Chairman :** Privilege motion cannot be taken. One privilege motion can be taken at a time. Second privilege motion cannot be taken. There is bar to it.

So, now we take up adjournment motions.

**Mr. Mumtaz Ali Bhutto** (Minister for Communications) : Mr. Chairman, may I make a submission with regard to adjournment motion? There is an adjournment motion No. 17 for which I am coming every day and it is possible that later on in the week or early next week I may not be available as I would be out of station. So, would you kindly consider taking the adjournment motion today, if Maulana Sahib agrees.

**Mr. Chairman :** I have no objection, if Maulana Sahib and you agree. It is ubout what ?

**Mr. Mumtaz Ali Bhutto :** It is about telephone bills.

**Mr. Chairman :** Telephone bills ? Yes.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اجازت ہے ؟

**جناب چیئرمین :** یہ کیا ہے نمبر ۳ ؟ مولانا صاحب ، انہوں نے کہا ہے کہ میں شاید اگلے ہفتے یا دو ہفتے ایوان میں حاضر نہ ہو سکوں اگر وہ اب لے لیں تو آپ کو کوئی تکلیف تو نہیں ہوگی ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** نہیں ، سہولت ہے ۔

**جناب چیئرمین :** کوئی اعتراض نہیں ہے ۔ adjournment motion ٹیلیفون بل کی بابت ہے ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** کوئی اعتراض نہیں ہے ۔

**Mr. Chairman :** Well, I will take the sense of the House also. Gentlemen, have you got any objection to that adjournment motion being taken today. No objection ?

**Voices :** No.

**Mr. Chairman :** No objection. Yes.

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اجازت ہے ؟

**جناب چیئرمین :** ہاں ، ہاں ، وہ فائل ابھی نہیں آئی وہ آ رہی ہے ۔ یہ کون سا adjournment motion ہے نمبر ۱۷ ہے ؟ یس آپ فرمائیے میں نے نہیں دیکھا ہے ۔ اسے میں نے اب دیکھا ہے ۔ یس ؟

## ADJOURNMENT MOTION *Re* : MISTAKES IN TELEPHONE BILLS IN KARACHI REGION

**Maulana Shah Ahmad Noorani Siddiqi :** Sir, I beg to move that the business of the House be adjourned to discuss a specific matter of recent occurrence and of great public importance, namely, mistakes in telephone bills in Karachi in spite of the fact that the department is paying one lakh rupees every month as computer charges to State Bank. Copy of daily Hurriyat dated 11th January, 1976, in which the report appeared is attached".

**Mr. Mumtaz Ali Bhutto :** I oppose. This I oppose on the ground that it is not specific.

**Mr. Chairman :** Normally, the practice is to let him first specifically mention his complaint.

مولانا صاحب آپ کی کیا شکایت ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جناب والا ! جیسا کہ آپ نے ان اخباری اطلاعات میں ملاحظہ فرمایا ہوگا ۔ بات یہ ہے کہ محکمہ ٹیلیفون کراچی جو ہے وہ تقریباً ایک لاکھ روپیہ ہر ماہ اسٹیٹ بنک کو کمپیوٹر مشینری ۔ ۔ ۔

**جناب چیئرمین :** یہ کب سے چل رہا ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** کافی عرصہ سے چل رہا ہے ۔

جناب چیئرمین : پھر تو پرانا ہے ۔

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : لیکن پریس میں اب آیا ہے - انہوں نے پہلے دبا رکھا تھا ۔

جناب چیئرمین : پریس سے ہمارا کوئی تعلق نہیں ہوتا - یہ تو پرانی بیماری ہے - کافی عرصہ سے چل رہا ہے - continuining ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : یہ کبھی کم ہوتی ہے کبھی بڑھ جاتی ہے - یہ بیماری ہے - اس میں کوئی شک نہیں ہے - آپ نے بجا فرمایا ، بیماری ہے اس محکمے کو - یہ کبھی بڑھ جاتی ہے اور کبھی کم ہو جاتی ہے -

جناب چیئرمین : رولز میں یہ ہے کہ جو recent ہو اور آخری ہو -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اخباری اطلاع کے مطابق recent ہے -

جناب چیئرمین : اخبار کے ساتھ ہمارا تعلق نہیں ہے - اخبار میں جو اشاعت ہے اس کا حسب واقعہ ہونا دور کا ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : واقعہ جو ہے وہ اسی ماہ کا ہے - اسی ماہ میں ٹیلیفون بلوں کے بارے میں زیادہ شکایات ہوئی ہیں ۔

جناب چیئرمین : نہیں ، نہیں ، میں آپ کو روکتا نہیں ہوں - آپ اس کا یہ نتیجہ نہ نکالیں کہ میں آپ کو روکتا ہوں - بے شک آپ کو کہنے دوں گا - لیکن مجھے جو ضرورت ہے یہ ہے کہ انہوں نے نئی بنیاد پر اس سے اختلاف کیا ہے - انہوں نے کہا ہے کہ یہ ایڈمسبل نہیں ہے ، قابل غور نہیں ہے -

Mistakes in telephone bills.

**Mr. Mumtaz Ali Bhutto :** The facts are also denied.

**Mr. Chairman :** That is a different matter.

اب ہمیں نہیں پتہ کہ یہ واقعہ ۱۹۷۵ء کا ہے یا ۱۹۷۶ء کا ہے - کس مہینے کا ہے ؟

Mistakes in telephone bills in Karachi in spite of the fact that the department is paying one lakh rupees every month as computer charges to State Bank.

آپ کر جو شکایت ہے وہ یہ ہے کہ کراچی میں کئی بل ایسے ہوتے ہیں جن میں غلطیاں ہوتی ہیں باوجود اس کے کہ ایک لاکھ روپیہ ادا کیا جاتا ہے - ہر دو ہر مہینے ، جو کچھ بھی ہے - تو میں آپ سے گذارش کرتا ہوں کہ یہ تو سلسلہ

جاری ہے اور یہ کافی عرصہ سے ہے - آپ نے کوئی بات نہیں بتائی کہ یہ specific matter کیسے ہے - آپ کسی دن کا ذکر کریں - چلو میں کہہ دوں گا کہ ایک ہفتہ کا ذکر ہے ، کس مہینے کا ہے ، کس ہفتہ کا ہے ، کس دن کا ہے اور کون سے بل کا ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نوانی صدیقی :** میرے خیال میں یہ - - -

**جناب چیئرمین :** پرائیویٹ کا ہے - گورنمنٹ کا ہے semi official کا ہے ، کارپوریشن کا ہے ، شپ یارڈ کا ہے ، کون سے ٹیلیفون کا ذکر ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** یہ جنرل ہے -

**جناب چیئرمین :** جنرل کی اجازت نہیں ہے - specefic ہونا چاہیئے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں عرض کرتا ہوں کہ یہ جنرل ہے اور حالیہ واقعہ ہے ٹیلیفون کے محکمے کے سلسلے میں جو شکایات عوام کو ہیں اس سلسلے میں یہ specific ہو جاتا ہے ٹیلیفون کا محکمہ جو ہے وہ specific ہے -

**جناب چیئرمین :** مولانا صاحب ، میں عرض کروں - - -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** یعنی کوئی چیز کوئی بل -

**جناب چیئرمین :** نہیں نہیں ، میں آپ کو اجازت دوں گا اور کئی باریاں آپ کو پھر ملیں گی - میں صرف یہ کہتا ہوں کہ ایک شخص یہ کہے کہ فلاں افسر نے ، فلاں موقع پر ، فلاں کیس میں بدعنوانی کی ہے - آپ اس کو سب انسپکٹر کہہ لیجئے کہ فلاں مقدمے میں ، فلاں دن ، فلاں سب انسپکٹر نے فلاں تھانے میں ، فلاں مقدمے میں پیسے لئے ، اور بدعنوانی کی ہے - یہ تو specific matter ہے لیکن اگر آپ یہ کہیں کہ سب پولیس جو ہے چور ہے یہ بدعنوان ہے یہ تو جنرل ہو جاتا ہے - یہ پولیس والے رشوت لیتے ہیں یہ جنرل ہے اس پر ایڈجرنمنٹ موشن نہیں آ سکتا - اگر آپ کہیں کہ فلاں بل کا فلاں محکمے کے ساتھ تعلق ہے اور فلاں مہینے میں انہوں نے زیادہ بل چارج کیا ہے یہ specific matter ہے - ہم اس ایڈجرنمنٹ موشن پر غور کر سکتے ہیں لیکن آپ کی شکایت یہ ہے کہ ٹیلیفون کا محکمہ ہی خراب ہے - آپ کی یہ شکایت بنتی ہے کہ یہ over charge کرتے ہیں اور عرصہ سے یہ سلسلہ جاری ہے - تو اس کا علاج ایڈجرنمنٹ موشن نہیں ہے - آپ اس کے لئے ریزولیشن لا سکتے ہیں - آپ legislation لا سکتے ہیں - آپ موشن لا سکتے ہیں - آپ موشن زیر رول ۱۸۷ لا سکتے ہیں - آپ قرارداد لا سکتے ہیں - آپ سوال کر سکتے ہیں - آپ legislation کر سکتے ہیں آپ کے پاس بہت سے راستے ہیں جن سے آپ اس خرابی کا علاج کر سکتے ہیں - میں یہ نہیں کہتا کہ آپ کی شکایت غلط ہے - میں نے کبھی یہ نہیں کہا میں صرف یہ کہتا ہوں کہ ٹیلیفون کے محکمے والے کراچی میں ایک عرصہ

[Mr. Chairman]

سے غلط بل بنا رہے ہیں اور mistakes کو رہے ہیں - over charge کر رہے ہیں تو اس کا علاج ایڈجرنمنٹ موشن نہیں ہے یہ ہے جو میں نے کہا ہے قرارداد ہو سکتا ہے ، question ہو سکتا ہے موشن ہو سکتا ہے زیر دفعہ ۱۸۷ legislation ہو سکتی ہے اور کئی طریقے ہیں لیکن ایڈجرنمنٹ موشن کے لئے recent occurrence یا specific کا ایک خاص نام دینا ہے کہ یہ specific ہو recent ہو لیکن یہ جو آپ کو شکایت ہے اس کا کوئی علاج نہیں ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جنرل پبلک امپارٹینس کا مسئلہ تو ہو سکتا ہے -

جناب چیئرمین : پبلک امپارٹینس ہی کافی نہیں ہے اس کے ساتھ دوسری بھی کچھ شرائط ہیں کہ پبلک امپارٹینس بھی ہو specific بھی ہو ایک issue ہو ، recent ہو -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : سر ! پبلک امپارٹینس تو ہے -

جناب چیئرمین : میں نے کب کہا ہے کہ پبلک امپارٹینس نہیں ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : سر ! دسمبر کے بلوں میں جو غلطیاں ہوئی ہیں -

جناب چیئرمین : اس میں جنوری کا ذکر نہیں ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : اخبار میں جنوری کا ذکر ہے -

جناب چیئرمین : نہیں ، نہیں اخبار کو تو چھوڑیئے میں تو آپ کی شکایت کے پیچھے جاؤنگا کیونکہ اخبار والوں نے تو یہ تحریک پیش نہیں کی ہے یہ آپ نے پیش کی ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : میں نے پیش کی ہے اور اخباری اطلاع پر پیش کی ہے ظاہر ہے کہ محکمے سے تو کوئی بات معلوم نہیں ہو سکتی ہے -

جناب چیئرمین : میں آپ سے اتفاق کرتا ہوں کہ پبلک امپارٹینس تو ہے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جب consumers کو شکایت ہوتی ہے تو وہ اخباری دفاتر سے رجوع کرتے ہیں اور ان کو بتاتے ہیں کہ صاحب دیکھیئے یہ غلطیاں ہو رہی ہیں تب اس کے بعد اخبار میں اطلاع آتی ہے تو ہمیں بھی معلوم ہوتا ہے اور احباب بھی بتاتے رہتے ہیں کہ یہ واقعات ہوئے ہیں تو پبلک امپارٹینس تو ہے -

**جناب چیئرمین :** میں نے کب کہا ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں عرض کرتا ہوں کہ حالیہ اس وجہ سے ہوا کہ دسمبر کے بلوں میں جب گڑبڑ ہوئی تو جنوری میں اس سلسلے میں کراچی کے اندر بہت شوروغول برپا ہوا دسمبر کے اخبار کے اندر اس کا تذکرہ ہے ۔

**جناب چیئرمین :** یہ ذرا مجھے فائل دے دیں ۔

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین جہاں تک recent کا تعلق ہے میں اس کے متعلق ایک رولنگ پیش کرتا ہوں ۔

**Mr. Chairman :** One minute please, let me get the file.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Sir, Decision of the Chair 1921-40, Ruling No. 16 'Matter of Recent Occurrence' It says :—

> "While admitting an adjournment motion sought to be moved by a Member on the 14th September, 1922 the Chair defined the scope of the word "recent" in Rule 12 (2) of the Indian Legislative Rules as follows :—
>
> "I don't wish to give hard and fast interpretation of the word "recent" in the rule but the intention of the rule is that as soon as a matter of this kind is brought to the notice of the Hon'ble Member and he wishes discussion thereon he should at the first available opportunity bring it before the Assembly".

اس سلسلے میں محترم مولانا صاحب کے علم میں جونہی یہ بات آئی اور اگر وہ کراچی میں نہ ہوتے تو بھی یہ کہا جا سکتا تھا لیکن کراچی میں ہونے کی وجہ سے ذاتی طور پر یہ بات ان کے علم میں ہے اور اخبار کا تراشا ساتھ ہے تو اس رولنگ کے مطابق جونہی انہوں نے اخبار میں پڑھا تو اس کے بعد پہلے دن جب وہ اس ایوان میں تشریف لائے تو انہوں نے اپنی تحریک کو ایوان کے دفتر میں پہنچا دیا جہاں تک میں اس رولنگ کا مطلب سمجھ سکا ہوں وہ یہ ہے اس لئے recent سے یہ مراد نہیں ہے کہ اس میں کوئی تاریخ درج ہو یا اس واقعہ کے متعلق کہ یہ پرانا چلا آ رہا ہے آپ سے معلوم ہوا ہے پہلے معلوم نہیں ہوا اور اگر کوئی دوست یہ interpretation کرکے یہ کہے کہ :

I beg to differ with that interpretation.

**Mr. Chairman :** I don't say that I differ with this ruling or I reject your this contention.

یہ رولنگ اپنی جگہ بجا ہے اور انہوں نے بھی بڑی احتیاط سے کہا ہے ۔

[Mr. Chairman]

He himself said that I am not going to give any hard and fast ruling over this.

بعض چیزیں ان کے نوٹس میں آ جاتی ہیں یا ہوتی ہیں اور بعض چیزیں اخبار آنریبل ممبر کے نوٹس میں لاتا ہے اور بعض چیزیں ہوتی ہیں جو خود آنریبل ممبر کے نوٹس میں آ جاتی ہیں بغیر اخبار کے اب آپ دیکھیئے نا ان کو شکایت یہ ہے کہ عموماً کراچی میں بل غلط ہوتے ہیں over charge کرتے ہیں تو آپ کو اس کے لئے اخبار کی ضرورت ہے وہ خود کراچی میں رہتے ہیں اس کے گھر میں ماشاء اللہ ٹیلی فون ہوگا ان کے ہمسایے کے گھر میں ٹیلی فون ہوگا اور انہیں ٹیلی فون کے زیادہ بل پر شکایت ہے کہ وہ غلط ہوتے ہیں اور عرصے سے یہ سلسلہ چلا آ رہا ہے تو اس کے لئے حریت کے پرچے کی ضرورت کیوں پڑی ؟ اس کے بغیر بھی آپ کو اطلاع ہو سکتی ہے یہ کیسی پبلک امپارٹینس ہے میں تو حیران ہوں کہ یہ کیسے recnt occurrent ہے کیسے ارجنٹ ہے sudden ہے اور پبلک امپارٹینس ہے کیونکہ آنریبل ممبر نے کہا ہے کہ یہ غلطیاں عرصے سے چلی آ رہی ہیں اور اب خود جاگ اٹھے ہیں اور حریت کے پرچے میں فلاں تاریخ کو انہوں نے یہ دیکھا -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اس سلسلے میں میں کچھ عرض کرونگا اس میں شک نہیں ہے کہ اطلاعات جو ہیں وہ ملتی رہتی ہیں لیکن صورت حال یہ ہے کہ جب یہاں کسی واقع کی اطلاع دی جائے -

**جناب چیئرمین :** بٹن دبا دیں -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** دبا ہوا ہے میں اونچی آواز میں بولتا ہوں -

**جناب چیئرمین :** ٹھیک ہے ، ٹھیک ہے -

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اس میں شک نہیں کہ کسی واقعے کی اطلاع دینے کے لئے آپ کے پاس کسی نہ کسی پیپر کو اور ڈاکومنٹ کو attach کرنا پڑتا ہے تو ظاہر ہے کہ اگر ہم شکایت کرتے ہیں کہ چند لوگوں نے بتایا ہے تو اس کے بعد آپ یہ ارشاد فرمائیں گے کہ وہ چند لوگ کون ہیں ؟ یہ تو جنرل بات ہوگئی یہ صحیح ہے یا غلط ہے یا آپ کو خواہ‌مخواہ کسی نے اطلاع پہنچا دی ہے تو یہ واقع ایسا ہے جس کا اخبار میں تذکرہ موجود ہے اگر دو ایک آدمیوں کو یہ شکایت رہتی ہو تو اس واقع سے میں سمجھ سکتا ہوں کہ قابل تردید ہوگا اور میں خود بھی کہہ سکتا ہوں کہ حقائق پر مبنی نہیں ہے کسی بھی فرد واحد کی ذاتی شکایت ہے اور عام طور پر ایسا ہوتا ہوگا کہ ایک آدھ آدمی کے ساتھ ایسا واقعہ گذرا ہوگا - لیکن اخباری اطلاع جو ہے وہ عوام کے تاثر سے ظاہر ہوگی کہ عوام کو شکایت ہے اور عوام کے ساتھ ایسا ہو رہا ہے ایک بات تو یہ ہے دوسری بات آپ نے یہ فرمائی ہے

کہ specific نہیں ہے تو میں عرض کرونگا کہ ہم پورے ملک کے محکمہ ٹیلی فون میں جو دہاندلیاں ہو رہی ہیں ان پر بحث نہیں کر رہے ہیں کہ فلاں شہر میں دہاندلیاں ہو رہی ہیں اور پورے ملک میں ٹیلی فون کے نظام میں جو ابتری ہے اس پر بات نہیں کر رہے کہ ٹیلی فون بل کی فلاں فلاں شہروں میں شکائتیں ہیں اس کے متعلق بات نہیں کر رہے ہیں بلکہ کراچی ریجن کے سلسلے میں بات کر رہے ہیں اور ہر ریجن کا اپنا ٹیلی فون ڈیپارٹمنٹ ہوتا ہے کراچی الگ ریجن ہے تو اس لحاظ سے یہ specific matter ہوگیا پبلک امپارٹینس بھی ہو گیا اور حالیہ واقعہ بھی ہوگیا کیونکہ دسمبر کے بلوں میں جو دہاندلی ہوئی ہے عوام کو اس سے شکایت ہے انہوں نے ٹیلی فون کے محکمے کی اخبار میں شکایت کی اور اخباری رپورٹر جو ہیں وہ وہاں گئے اور لوگوں سے واقعات معلوم کئے اور ان بلوں کا مشاہدہ کیا تو اس نتیجے کے بعد یہ رپورٹ منظر عام پر آئی ہے تو اب سوال یہ ہے کہ دو تین باتیں ایسی ہیں جن پر آپ غور فرمائیں اور جو میں نے عرض کی ہیں ٹیلی فون بل جو ہیں ۔

Inspite of the fact that the department is paying one lac of rupees.

تو ڈیپارٹمنٹ جو ہے وہ تو اسٹیٹ بنک کو ایک لاکھ روپیہ دے رہا ہے کمپیوٹر مشین کے سلسلے میں کہ بل صحیح صحیح بناؤ اور عوام کو یہ شکایت ہے ۔

Inspite of the fact that the department is paying one lac of rupees every month as computer charges to the State Bank.

اس کے باوجود بھی بل جو ہیں وہ غلط آتے ہیں ۔

**Malik Mohammad Akhtar** : Sir, the facts are denied even then he is going to make a statement.

**Mr. Chairman** : Sorry ! I was just reading the cutting.

**Mr. Mumtaz Ali Bhutto** : Sir, If your honour allow me to make a statement, this matter can be made very short. Sir, this adjournment motion is bassed on a report that " there are mistakes in the telephone bills and the Government is paying one lac to the State Bank of Pakistan " but on both the accounts the report is wrong. Mr. Chairman, we are not paying even a single penny to the State Bank, and as far as the mistakes are concerned, there are no mistakes in the bills. The facts given in the adjournment motion are completely wrong. I resort to the arguments with regard to the admissibility which you have been pleased to put forward here more eloquently.

So, a combination of this—the combination of the fact that this adjournment motion does not satisfy the rules and also the fact that the facts mentioned here are denied, I submit, will make you inclined to rule the motion out of order. But before you do that, Sir, and although this motion is, according to my submission, out of order, for the benifit of the

[Mr. Mumtaz Ali Bhutto]
honourable Member I am prepared to make a statement on the situation, if you permit.

**Mr. Chairman:** It is Just possible that you may influence him to withdraw the motion. It is just possible. Yes, you can make a statement.

**Mr. Mumtaz Ali Bhutto:** Sir, the question is that there are no mistakes in the bills as such. The calls that are made are accurately recorded by the Computor. So, as far as the bills are concerned, the Computor records the number of calls that have been made. There is no mistake in the bills, but the complaint really is that there is some sort of tempering, there is some sort of malpractices somewhere along the line, but the Computor is not at fault. The call, despite the tempring and malpractices, goes through and is correctly recorded by the Computor. So, the bill is a correct picture of the calls that have been made. If the subscriber denies that he did not make those calls that is a different story. That does not mean that the bill contains a mistake. That means that there has been some malpraetice. So, the use of the word 'mistake' here is not correct. It is not a fact that there are mistakes. The bills are correct.

Now, Sir, as far as the malpractices are concerned, they are there. They have been there for a very long time and we have taken measures which I would like to place before the House.

First of all I would like to make a submission that a large percentage of the complaints is generated by the subscriber himself. Because of the S. T. D. facilities, calls are made, bills mount up. It is not realized how much is being spent when the S. T. D. call is being made and conversation is going on. It is an expensive affair. Then when the Bill goes, the subscriber feels shocked, and he feels that he has been cheated somewhere. So, that element is also there. Apart from that, I am not ruling out of the possibilities of malpractices. They do happen on the lines and to check those we have made the following provisions.

There is a Standing Committee which reviews the bills whenever there is a complaint. Whenever a complaint occurs, the bill goes to the Standing Committee. They hold a meeting, they review it, they check up the past bills, they check up the general record of that telephones and according to that they decide and in many cases—many cases, Sir, they give relief. I think, more than 50 per cent cases get relief where there is a complaint of excessive billing.

The second thing we have done, Sir, is that in order to make the Accounts Offices more responsible we have decentralised accounting *i.e.* we are opening Accounts Offices in the districts. Previously the practice was that there was only one Accounts Officer in the region, for instance, the bills of the entire Karachi region were made by one Accounts Office. Similarly, the bills of the rest of Sind were made in Karachi also in the S. T. R. Region. Now, throughout the country, what we are doing is that we are decentralizing and we are opening an Accounts Office in each district. We took this decision towards the end of the last financial year.

and we were able to open about 11 or 12 Accounts Offices in the districts, and we hope this year we will be able to open an Accounts Office in each district, where bills will be made locally and will be served to the subscriber within time. The delays which occur because of the distance between the subscriber and the Accounts Office will be eliminated. In his district there will be the Accounts Office, and he will be able to go at once and check his bill and seek redress there.

Apart from that honorary Inspectors have been appointed in each region, and the main task according to the instructions that I have sent to these honorary Inspectors is that they should keep an eye, they should pay surprise visits, they should go and check the cables, they should go and check the junction points to see that there is no tempering. They should also pay surprise visits to the Exchanges to see that no malpractices are taking place there. Then, I have issued instructions for all the officials right from the Minister downwards to the S. D. O. level to tour and give him a tour report every month. Registers will be maintained at Exchanges in which they will make entries of their visits. They are to go and check and control the malpractices which are generally complained against.

Then, Sir, responsibility has been placed for excessive billing exclusively on the Divisional Engineers, and the procedure we are following is that where there are continuous complaints of excessive billing from a particular Division, the Divisional Engineer is made answerable. The intention behind this is that the Divisional Engineer should properly supervise his own Division and see that everybody is doing his job and there are no malparactices.

Then, Sir, there is also arrangement for individual complaint. The individual complaints can come to me directly on which I have on a number of occasions ordered inquiries and received reports and taken action wherever necessary. There is also the Complaint Cell in the Ministry of Communications which is very active, to which complaints can go and they investigate at once.

So, these measures have been taken, Sir, and as a consequence of that, complaints have considerably reduced. Maulana Sahib has complained about the bills in December last in Karachi. I want to read out the figures to you, Sir, with regard to the complaints.

Now, Sir, in the Central Exchange in Karachi, which is the largest Exchange, in April, 1975, there were 106 complaints in December, 1975 there were four complaints, only four complaints, and this is the month which the Maulana Sahib has taken as the worst month, and the successive reduction of the figures are here :

In May 100 complaints, in June—45, July—39, August—27, September—9, October—11, November—8, December—4, Sir.

So, you can see the difference that all those measures have brought about.

[Mr. Mumtaz Ali Bhutto]

Similarly, Sir, in the Pak Capital Exchange in Karachi, all these Exchanges are in Karachi, in April, 1975 there were 32 complaints, in December only three Sir. In Karachi Airport Exchange in April, 1975 there were two complaints, in December only one. Sir, Landhi Exchange—in April, 1975 there were three complaints, in December, 1975 none. Now, Sir, Cantonment Exchange—in April, 1975 there were 17 complaints, in December two, Sir, Garden Exchange—in April, 17 complaints, in December three. Nazimabad Exchange—in April, seventy one complaints, in December three. Then, Azizabad Exchange—in April, eleven complaints, December two complaints. Clifton Exchange—April eight complaints, December three complaints. Defence Exchange—in April seventeen complaints, in December two complaints. In Queens Road Exchange no complaints at all either in April or now. Korangi Exchange—in April twelve complaints, in December no complaints. P. E. C. H. S. Exchange—in April eigteen complaints in December seven complaints. In Model Colony and West Wharf Exchange there are no complaints.

So, these are the figures and the month referred to by Maulana Sahib has been the best month so far. This is the submission I had to make that there is a progressive and very satisfactory improvement as for as the complaint of excessive billing is concerned. Apart from that, I oppose the motion on the grounds of denial of facts and non-compliance with the rule as has already been done.

جناب چیئرمین : مولانا صاحب فرمائیے -

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : ٹھیک ہے جناب !

جناب چیئرمین : مولانا صاحب ! میرے خیال میں آپ نے اخبار کی جو کٹنگ پیش کی ہے اس میں بھی اس طرف اشارہ ہے :

"پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن لائن اسٹاف کے ترجمان کے مطابق وفاقی وزیر مواصلات جناب ممتاز علی بھٹو محکمہ مواصلات میں کافی دلچسپی لے رہے ہیں اور ان کا حالیہ دورہ کافی حوصلہ افزائی کا سبب بنا ہے" -

اخبار کی جو cutting آپ نے پیش کی ہے وہ بھی اس طرف اشارہ ہے -

That he has been taking been interest in inproving the state of affairs and it has yielded good results.

یہی سارا ہے تو جو کچھ انہوں نے کہا میرے خیال میں ان کے بیان سے تو میں یہ نہیں کہہ سکتا کہ ضرور آپ کی تسلی و تشفی ہونی چاہیئے لیکن ہوئی ہوگی - ٹھیک ہے ؟

مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی : جی ہاں -

**جناب چیئرمین :** نہیں ذرا تشریف اٹھا کر کہیے ہو گئی تسلی ؟ کہیے اس میں کیا بات ہے ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** اب یہ حقائق انہوں نے بتائے ہیں اور ظاہر ہے کہ میں ان کو چیلنج نہیں کر سکتا اور میں یہ بھی نہیں کہہ سکتا کہ یہ شکایات ان تک پہنچائی ہی نہیں جاتیں اور اس کا کوئی ریکارڈ بھی نہیں ہے - اس کے لئے تو مجھے چاہیئے کہ میں بھی لوگوں سے شکایات وصول کروں اور اس کے لئے مجھے وقت چاہیئے -

**جناب چیئرمین :** تو آپ ودڈراء کرتے ہیں ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** ودڈراء تو نہیں کرتا البتہ پریس نہیں کرتا -

**Mr. Chairman :** All right. Since the facts alleged are denied, the adjournment motion is ruled out.

وقت ہو گیا ہے -

Now we take up messages.

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *Re* : ADOPTION OF THE CENTRES OF EXCELLENCE (AMENDMENT) BILL, 1976

**Mr. Chairman :** There are two messages : It reads :

"In pursuance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Centres of Excellence (Amendment) Bill, 1976 on the 1st March 1976, A copy of the Bill is transmitted herewith."

## MESSAGE FROM THE NATIONAL ASSEMBLY *Re* : ADOPTION OF THE RAILWAYS (AMENDMENT) BILL, 1976

**Mr. Chairman :** There is another message. It reads :

"In pursaance of rule 109 of the Rules of Procedure and Conduct of Business in the National Assembly, I have the honour to inform the Senate Secretariat that the National Assembly passed the Railways (Amendment) Bill, 1976 on the 1st March, 1976. A copy of the Bill is transmitted herewith".

Now, we take up legistative business. Item No. 3, Mr. Abdus Sattar Gabol !

## THE LABOUR LAWS (AMENDMENT) BILL, 1976

**Mr. Abdus Sattar Gabol :** Mr. Chairman, Sir, I beg to introduce the Bill further to amend certain laws relating to industrial relations and welfare of workers [The Labour Laws (Amendment) Bill, 1976].

**Mr. Chairman :** Yes, the Bill stands introduced. Next !

## THE EMPLOYEES' OLD-AGE BENEFITS BILL, 1976

**Mr. Abdus Sattar Gabol :** Mr. Chairman, Sir, I beg to introduce the Bill to repeal and re-enact the law relating to old-age benefits for the persons employed in industrial, commercial and other organisation [The Employees' Old-Age Benefits Bill, 1976].

**Mr. Chairman :** The Bill stands introduced.

## POINT OF ORDER *Re* : MINISTERS CANNOT AMEND ORDINANCES WHILE INTRODUCING THEM IN THE HOUSE AS BILLS.

**Khawaja Mohammad Safdar :** Point of order, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes ?

**خواجہ محمد صفدر :** میری رائے یہ ہے کہ وزیر صاحب کو یہ اختیار نہیں ہے کہ کسی آرڈیننس میں از خود ترمیم کر دیں - ترمیم تب ہی ہو سکتی ہے جب یہ ایوان اس کی منظوری دے یہ دونوں آرڈیننس ۱۹۷۵ء میں جاری ہوئے تھے اور آرڈیننس بل کی شکل میں بعینہ آنے چاہیئے تھے - یہ از خود کوئی تو ترمیم نہیں کر سکتے - انہوں نے دونوں بلوں میں ترمیم کی ہے -

**جناب چیئرمین :** انٹروڈیوس ہوئے ہیں یہ تو ہمارے پاس اسٹڈی کے لئے واپس آئے ہیں -

They stand introduced. They will go to the Standing Committees concerned.

**خواجہ محمد صفدر :** اسٹینڈنگ کمیٹی میں جائیں گے میری مراد یہ ہے کہ ۱۹۷۵ء لکھا جانا چاہیئے ۱۹۷۶ء لکھنے سے غلط روایت قائم ہو رہی ہے کہ بل میں وزراو وزارت از خود ترمیم کر دیتے ہیں -

**Mr. Chairman :** I think, you, the Minister concerned, will take note of the thing and consider for yourself if there is any inadvertent mistake as pointed out by Khawaja Mohammad Safdar and you can rectify it. There is no harm, anyhow he has pointed out.

**خواجہ محمد صفدر :** یہاں تو ایسا ہوتا ہے کہ یہاں آ کر وہ خود امنڈمنٹ پیش کرتے ہیں جب امنڈمنٹ کا وقت آئے گا تو وہ تبدیل ہو جائے گی -

**Mr. Chairman :** That is a good idea.

**ملک محمد اختر :** کمیٹی میں یہ پوائنٹ بھی دیکھا جا سکتا ہے۔

**Mr. Chairman :** But he had to point out and there is no harm in his pointing out to you.

**ملک محمد اختر :** میں بحث نہیں کرنا چاہتا بلا وجہ ٹیلیفون کے غلط بل آنے پر یا صحیح آنے پر انہوں نے آدہ گھنٹہ لیا اس لیئے میں بحث سے اجتناب کرتا ہوں بہر حال میرا پوائنٹ یہ ہے کہ -

These are fresh Bills which are being introduced.

**Mr. Chairman :** But why are we discussing this thing now. He has pointed out certain defects. You can accept or you can reject them.

**Malik Mohammad Akhtar :** The Committee can look into it.

**Mr. Chairman :** Anyhow, kindly look into it.

**خواجہ محمد صفدر :** کمیٹی جہاں چاہے تبدیلی کر لے -

**Mr. Chairman :** Oh, yes. You consider it in the Standing Committee and even when it is sent back you can consider it. There is no harm.

## THE TRAVEL AGENCIES BILL, 1975

**Mr. Chairman :** Now, we move on to item No. 5. Consideration of the following motion moved by Shahzada Saeed-ur-Rashid Abbasi, Minister of State for Tourism :

> " That the Bill to provide for the development, regulation ond control of the........".

Was this motion made yesterday ?

**Shahzada Saeed-ur-Rashid Abbasi :** Yes, Sir.

**Mr. Chairman :** Was the motion made ? Because I was not in the Chair at that time.

**Shahzada Saeed-ur-Rashid Abbasi :** It was moved, Sir.

**Mr. Chairman :** Did you speak over it ?

**Shahzada Saeed-ur-Rashid Abbasi :** No, Sir.

**Mr. Chairman :** Was it opposed ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** Yes, Sir, it was opposed.

**Mr. Chairman :** By whom ?

**Khawaja Mohammad Safdar :** By me, Sir.

**Mr. Chairman :** Yes !

**خواجہ محمد صفدر :** میرا خیال ہے کہ محترم وزیر مملکت صاحب شاید یہ پسند کریں کہ وہ اس بل کے اغراض و مقاصد پر کچھ روشنی ڈالیں اگر وہ ایسا کرنا چاہیں تو ان کو موقع دیا جائے نہیں تو میں تقریر شروع کروں -

**Mr. Chairman :** Oh, yes, yes. It is upto him. Yes, Mr. Abbasi !

**Shahzada Saeed-ur-Rashid Abbasi :** I have no objection, Sir. Sir, before I go into the Bill, I would like to say something briefly on the reasons as to why we are introducing this Travel Agencies Bill. As you know, Sir, the past Governments have not taken keen interest in tourism but with the coming of the present Government tourism has been made a separate Division and a lot of keen interest has been taken in tourism. The Prime Ministar himself is very keen and is always giving us instructions to see that tourism is progressing at a rapid speed. I would like to say, Sir, a few words regarding what we have done in the tourism.

Sir, first of all our present development expenditure is at 3,17,00.000 which previously the past Governments, I am quite sure, never thought of spending so much. Then, we have so many other activities which are taking place in tourism and the result has been because of this large activity which is now taking place in tourism from Karachi to Northern Areas the tourist trade has developed and tourist agencies have also played a very active role. We also have mountaineering expeditions. We also cater for that and for the year 1975 we earned an income of 71 lakhs from our mountaineering expeditions. In the same way, we have earned from the tourists who have been arriving in the year 1975 upto December, this is the figure upto December, nearly 33 million U.S.A. Dollars. This is the income which we have received from the tourists coming from abroad. These are the figures which I am giving of what we have been earning. Then, on the other side, on the development side we have been building 50 bed hotels at Gilgit, Hunza and Chitral for the development of tourism. At Garam Chishma we are putting up a rest house and in Baltistan we are also having a rest house at Skindu. We are also putting up a rest house at Satpara Lake in Baltistan. In Kaghan, Sir, we have reecntly bought a new rest house. We have renovated it and that also is there in spite of our present complex to which we have also added new rooms. Then we also propose to have one star and two-star hotels in the provincial headquarters. The proposal is being finalised, and that will also come up for the development of tourism. Then, in Kinger Lake in Sind we have taken that lake which was with the Agriculture Department and we are developing it into a Tourist Resort in Sind. We also propose to have a beach, a now beach, at Gadani about 30 miles from Karachi which covers an area of 174 acres. We have taken over this beach and work will start as soon as we get plans from the architect. Then, we are having a Tourist Complex.

---

*At this stage Mr. Chairman vacated the Chair which was occupied by Mr. Presiding Officer Senator Ahmad Waheed Akhtar.*

---

**Mr. Presiding Officer :** Yes.

**Shahzada Saeed-ur-Rashid Abbasi :** Then, we are having Tourist Complex because at the points of entry, for instance, at Wagha, at Chaman, and all these places where we have our incoming tourists from different countries, we are putting up complexes over there so that tourists could be looked after and accommodated and there is proper arrangement for them. So, all these developments are taking place at a rapid speed, and it is natural that the travel agencies should also have taken an active part. The result is that the travel agencies are so active that there is compitition between them and things have become haphazard and because there are no rules to govern these agencies, therefore, competition has taken place among them. Except for a few which have been here for quite sometimes, the others are new comers, and they have started mal-practices. and the result is that we are finding it very difficult to cope with it, and the foreigners coming from abroad are complaining, and this is bringing a bad name to the country. These are major points which I wanted to stress and that is why we are trying to bring this Bill in. As I have said earlier in my speach on the Bill on Tourist Guides, which is also on the same principle, we want that they should be brought under a definite act and they should be issued licences. They should also have security in the banks so that if sometime they do something which is against the practice we are in a position to compensate those who have suffered. These are the main points which we are proposing in this bill.

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** جی خواجہ صاحب -

**خواجہ محمد صفدر :** جناب چیئرمین ! میں ابتداً ہی عرض کر دوں کہ جہاں تک اس بل کے مقاصد کا سوال ہے میری رائے میں اس ایوان کی بائیں یا دائیں جانب میں کوئی اختلاف نہیں - ہمیں اس بات سے انتہائی مسرت ہوگی اگر ہم اپنے ملک میں ٹورسٹ ٹریڈ میں اضافہ کر سکیں اسے بہتر لائنوں پر چلا سکیں اور باہر کے لوگوں کو ہم دعوت دے سکیں کہ وہ ہمارے ملک کے مختلف حصوں میں جو پرانی اور قدیم تہذیبوں کے نشانات ہیں یا جو قدرتی مناظر ہیں ان کو آ کر دیکھیں جس سے نہ صرف ہمارا ملک بیرونی ممالک میں روشناس ہوگا بلکہ اس سے ہمارے زرمبادلہ کی آمدنی میں بھی اضافہ ہوگا لیکن جن ذرائع سے اور جس طریقے سے یہ مقصد حاصل کرنے کی کوشش کی جا رہی ہے - ہمیں اس سے اختلاف ہے - ہماری رائے میں جو طریقہ استعمال کیا گیا ہے یا جو اغراض و مقاصد بیان کئے گئے ہیں ان کو حاصل کرنے کے لئے جو طریقے استعمال کئے گئے ہیں وہ رکاوٹ پیدا کریں گے بجائے اس کے کہ وہ ممدو معاون ثابت ہوں - میں مثال دیتا ہوں - مثال کے طور پر ایک بھاری بھر کم کمیٹی تجویز کی گئی ہے - جس کے چیئرمین کے علاوہ پندرہ ارکان ہوں گے اور بھاری بھر کم نہ صرف تعداد کے اعتبار سے ہوگی بلکہ مختلف محکمہ جات کے بڑے بڑے افسر مثلاً خود ٹورزم ڈویژن کے سیکرٹری صاحب اس کے چیئرمین ہوں گے اور دیگر اس قسم کے ذمہ دار

[Khawaja Mohammad Safdar]

افسر اس کمیٹی کے رکن بنائے گئے ہیں - ظاہر ہے کہ جتنی ارکان کی تعداد ہوگی اور جو ارکان کا عہدہ اور منصب ہوگا اسی اعتبار سے اس کمیٹی کے اخراجات بھی بڑہیں گے اگر اخراجات کسی صحیح طور پر مصرف میں لائے جا رہے ہوں یا ان سے وہ مقاصد حاصل ہو رہے ہوں جن کے لئے وہ روپیہ صرف کیا جا رہا ہے تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے لیکن جب میں دیکھتا ہوں کہ اس کمیٹی کے اختیارات کیا ہیں جوکہ اس بل میں بیان کئے گئے ہیں تو مجھے نہایت افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ یہ کمیٹی پہاڑ کھودے گی شاید اور چوہا بھی برآمد نہ کر سکے - کیونکہ اس کے اختیارات کوئی نہیں - اس کے اختیارات جوکہ اس بل میں بیان کئے گئے ہیں وہ یہ ہیں کہ یہ مرکزی حکومت کو مشورہ دے گی کہ اس بل پر کیسے عمل کیا جانا چاہیئے - بھئی سیکریٹری ٹورزم کس کام کے لئے ہے؟ اور پھر جو سب سے اہم کام اس کے ذمہ ڈالا گیا ہے وہ یہ ہے کہ وہ ٹورسٹ ایجنسیوں یا ٹریول ایجنسیوں کی شرح کرایہ یا شرح چارجز یا جو معاوضہ خدمت کے عوض ہیں وہ لینا چاہیں - وہ منظور کرے ان کی منظوری کے بغیر بڑی ٹریول ایجنسی اپنا حق خدمت مقرر نہیں کر سکتی سب سے بڑی اور اہم خدمت جو اس کمیٹی کے ذمہ ہے میرے نقطۂ نظر سے اس بل کے مطابق وہ یہ ہے - کہ اس کام کے لئے ہم سیکریٹری کی سطح کے بڑے بڑے عہدے دار بڑے بڑے افسر مقرر کرتے ہیں اور تعداد میں بھی پندرہ یا سولہ - ظاہر ہے کہ اگر اس کمیٹی کے فرائض جو اس بل کے ذریعے اس کے ذمے ڈالے گئے ہیں اگر وہ justify نہیں کرتی تو اس نتیجے پر پہنچنا پڑیگا کہ اس کمیٹی کا وجود ہی بے مقصد اور بے معنی ہے اور اسے نہیں بنانا چاہیئے - جناب والا ! اس کے علاوہ ایک اور بنیادی مسئلہ جو کہ اس بل میں درج ہے وہ یہ ہے کہ اس بل کے ذریعے یہ مطالبہ بھی کیا جائے ٹریول ایجنسیوں سے کہ وہ اپنے لائسنسوں کے اجراء کے لئے نہ صرف فیس ادا کریں بلکہ ایک غیر مقررہ رقم جوکہ بعد میں قوائد کے مطابق مقرر کی جائے گی اور جو بڑی سے بڑی بھی ہو سکتی ہے اور معمولی سے معمولی بھی ہو سکتی ہے وہ بطور سیکریٹری جمع کرائیں - جناب والا! اگر آپ غور فرمائیں تو بل کے ایک حصے میں یہ بھی درج کیا گیا ہے کہ لائسنس کے اجراء سے قبل کسی ٹریول ایجنسی کی مالی حیثیت کا جائزہ لیا جائیگا اور لائسنس تب ہی جاری ہوگا جب کہ درخواست گذار کی معقول مالی حیثیت ہوگی - ورنہ نہیں کیا جائیگا اور اب اس کے بعد ایک اور بار ڈال دینا - ایک معقول رقم کا مطالبہ کرنا کہ وہ بینک گارنٹی کے طور پر بینک میں رکھی جائے - یا بینک سے گارنٹی حاصل کر کے وفاقی حکومت کی خدمت میں پیش کی جائے - جب تک اس کا کاروبار چلتا رہے وہ رقم اس کھاتے میں پڑی رہے - اسے کوئی استعمال نہیں کرے گا اس وقت اگر وہ ٹریول ایجنسی کی اپنی ملکیت کی رقم ہوگی تو وہ غیر مفید ہوگی - کاروباری اپنے ہر روپیہ پر سود کا حساب لگاتا ہے اگر اس نے بنک گارنٹی حاصل کی ہے تو بنک کو

موجودہ شرح کے مطابق ۱۳ فیصد شرح سود ادا ہوگا۔ جب وہ ۱۳ فیصد اپنے انٹرسٹ کا ایک حصہ سود ادا کرے گا تو اس کو وہ اپنے حق الخدمت پر بار ڈالے گا اس کا حق الخدمت مہنگا ہو جائے گا۔ باہر سے آنے والے ٹورسٹ اس مہنگائی کے نیچے دبیں گے اور وہ شاید شکایت بھی کریں ان کی ٹریول ایجنسیوں کے چارجز ضرورت سے زیادہ ہیں تو وہ ہمارے لئے غیر مفید ہوگا بجائے اس کے ٹورسٹ زیادہ تعداد میں اس ملک میں آئیں وہ discourarge ہوں گے ان کی تعداد دن بدن کم ہوتی جائے گی کیونکہ یہاں کے کم از کم خدمت کے چارجز ان کے خیال کے مطابق جائز نہیں ہوں گے۔

جناب والا! ایک اور بات، جس کی طرف میں صرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں۔ یہ ہے کہ مجھے شکایت ہے کہ یہ بل بھی ڈرافٹنگ کی اسٹیج پر پوری توجہ سے ڈرافٹ نہیں کیا گیا ہے۔ جہاں الفاظ شرائط درج ہیں وہاں بجائے ایک جامع شرط درج کرنے کے کہ اس قانون کے اس ایکٹ کے تحت وضع کردہ قواعد کی جو بھی خلاف ورزی کریگا اس کا لائسنس چھینا جا سکتا ہے یا معطل کیا جا سکتا ہے اور ان شرائط کے مطابق لائسنس دیا جا سکتا ہے۔ بجائے اس کے عجیب قسم کی شرطیں اس میں درج ہیں۔ اس میں ایک یہ ہے کہ نابالغ نہ ہو بھلا نابالغ کب کاروبار کے لئے چل سکتا ہے۔ اس کو ایکٹ میں لکھنے کی کیا ضرورت ہے شرائط جو طے کی جا سکتی ہیں وہ یہ ہیں کہ رولز کے تحت لائسنس کی کیا شرائط ہوں۔ اس لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ اس میں جہاں اصول سے اختلاف ہے وہاں ایک دو اور چیزوں پر بھی اعتراض ہے۔ ایک کمیٹی ہے اور دوسرا نیک ڈرافٹ کے مطالبے پر۔ جہاں تک لفظی اعتراض کا تعلق ہے تو اور بھی کئی ایک باتیں ہیں جو کہ مختلف ترامیم کے ذریعے اس ایوان کے سامنے لاؤں گا، وہ وقت ابھی آئے گا۔ ان الفاظ کے ساتھ میں اس کے مقاصد کی تائید کرتا ہوں اور اس بل کو موجودہ شکل میں پاس کرنے کی شدید مخالفت کرتا ہوں۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر:** اب میں جاننا چاہتا ہوں کہ کتنے معزز ممبران تقریر کرنا چاہتے ہیں۔ (جناب شہزاد گل، حاجی سید حسین شاہ، جناب کامران خان، جناب کمال اظفر اپنی سیٹوں پر کھڑے ہوئے اور ان کے نام جناب پرزائیڈنگ آفیسر نے نوٹ فرمائے) اب میرے خیال میں یہ اندازہ ہو جائے گا ۱۰ منٹ تک گفتگو کافی ہے maximum ۱۰ منٹ ہو سکتے ہیں۔

**خواجہ محمد صفدر:** ۱۰ منٹ سب کے لئے؟

**جناب صدارت کنندہ آفیسر:** ۱۰ منٹ ہر ممبر کے لئے۔

**جناب نبی بخش زہری:** جناب والا! آپ نے میرا نام نہیں لیا۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر:** آپ کا نام نہیں لیا، لیکن لکھا ضرور ہے۔

جناب نبی بخش زہری : آپ میرا نام بھی رکھیں تاکہ میری تسلی ہو جائے۔

جناب صدارت کنندہ آفیسر : مسعود صاحب ' زہری صاحب ، میں نے سب کا نام لکھ لیا ہے جو دوست کھڑے ہوئے تھے - یس شہزاد گل صاحب -

جناب شہزاد گل : جناب والا ! جیسا کہ محترم خواجہ صاحب نے اپنی تقریر میں فرمایا ہے کہ بل کے اغراض و مقاصد سے ہمیں قطعاً اختلاف نہیں ہے - ٹورسٹ گائڈز کا قانون جو پہلے پاس ہوا ہے ، اس بل کے پاس کئے جانے کے بعد یہ ضروری ہو جاتا ہے لیکن جناب والا ! جس طرح بل کی تشکیل کی گئی ہے وہ جامع نہیں ہے - اس وجہ سے ہم بل کی مخالفت میں اپنے اعتراضات کے سلسلے میں کچھ کہنا چاہتے ہیں -

جناب والا ! سب سے پہلا اعتراض مجھے یہ ہے کہ ٹریول ایجنسی کی جو تعریف بل میں دی گئی ہے - اس میں ٹرانسپورٹ transport by sea ، سمندر کے ذریعے جو نقل و حرکت کی جاتی ہے ، جو کاروبار سمندر کے ذریعے یا دریاؤں میں کیا جائے گا وہ اس کی تعریف میں نہیں آتا یہ ایجنسیاں سمندر کے راستے ، پاکستانیوں کو یا بیرونی ممالک کے لوگوں کو ، سیاحوں کو لے جائیں گی تو وہ اس تعریف میں نہیں آئیں گی وہ اس سے بچ جائیں گے لیکن جس طرح وزیر مملکت نے فرمایا ہے جیسا کہ تربیلا ڈیم ہے - جھیلیں ہیں وہاں پر موٹر لانچوں کے ذریعے جو ٹورسٹ آتے ہیں - وہاں پر سیر کرتے ہیں - ٹریول ایجنسیاں ان کو سہولتیں دیتی ہیں اور ان سے چارجز لئے جاتے ہیں تو ٹریول ایجنسیاں جو جھیلوں میں یا دریاؤں میں کاروبار کریں گی لوگوں کے لئے ٹرانسپورٹ وغیرہ سپلائی کریں گی اس قانون سے باہر رہ جاتی ہیں لیکن کمیٹی کی تشکیل میں نیشنل شپنگ کارپوریشن کو نمائندگی دی گئی ہے ان کے ذہن میں یہ ہے اور اس کے علاوہ ٹورسٹ کی تعریف میں یہ ہے کہ پاکستانی جو ملک سے باہر جاتے ہیں وہ بھی ٹورسٹ کی تعریف کے ہر صوبے میں شمار کئے جاتے ہیں تو جناب والا ! جو ایجنسیاں یہ کاروبار کرتی ہیں - تو وہ اس سے بچ جائیں گی لہذا اس میں air railway road کے ساتھ sea کا لفظ شامل کیا جائے اس کی نہایت ضرورت ہے - اس کے علاوہ جناب والا ! جو کمیٹی تشکیل دی جا رہی ہے اس کے اور زیادہ اختیار نہیں ہے میں ان پوائنٹ کو نہیں دہراتا لیکن کمیٹی کے ممبران کی تعداد زیادہ ہے - ویسے ایک ترمیم آپ کی جانب سے ہم نے دیکھی ہے جو کہ کمیٹی کے ممبران کی تعداد کے بارے میں ہے اس کو حزب اقتدار کے ممبران اور وزیر مملکت نے دیکھا ہوگا لہذا وہ ممبران جو اس کلاز ۳ میں جن کی تعداد رکھی گئی ہے اس میں شاید تخفیف کی جا رہی ہے آپ کی جانب سے جو ترمیم ہے وہ کمیٹی کے ممبران کی تعداد سے متعلق ہے - اس کے علاوہ کورم کے متعلق اس میں کوئی پراویژن نہیں ہے کہ کمیٹی کے جو اجلاس ہوں گے ان کا کورم کیا ہوگا اس کے فیصلوں کے نفاذ کے لئے کیا طریقہ کار اختیار کیا جائے گا - کہ میں نے آپ کی خدمت میں گزارش کی تھی کہ اگر

چیئرمین یا کوئی ممبر استعفیٰ دے دے تو جو casul vacancies پیدا ہوں گی ان کو fill up کرنے کے لئے بھی کوئی پراویژن اس بل میں موجود نہیں ہے جناب والا ! اس کے علاوہ لائسنس جو دیا جاتا ہے اس کے علاوہ جو اشخاص کو لائسنس جاری کئے جائیں گے ان میں تو minor or insance وغیرہ ہے لیکن in solvant وغیرہ کا کوئی ذکر نہیں ہے لیکن جنرلی اس تعریف میں insolvation ہمیشہ آتا ہے کسی undischarged insolvant جو ہے اس کو لائسنس نہیں دیا جائے گا اس کے علاوہ ایک تعریف یہ ہے یہ میری سمجھ میں نہیں آئی کہ جس شخص کو لائسنس جاری کیا جائے گا اس کی سب کلاز (سی) میں ہے that applicant doesn't have an office of a prescribed minimum standard یہ بوجھ ٹریول ایجنسیوں پر ہے کہ وہ کس قسم کا آفس رکھیں گیں ان کے کاروبار کرنے کے لئے ان کے آفس کا اسٹینڈرڈ مقرر کرنا یہ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ یہ کس غرض کے لئے رکھا گیا ہے۔ جناب والا ! اس میں صوفے ہونگے ، قالین ہونگے یا کیا کیا ہوگا یہ جو آفس ہوتا ہے اس کے لئے سٹینڈرڈ رکھنا میں سمجھتا ہوں کہ یہ ٹریول ایجنسیوں پر ایک بوجھ ہوگا اس لئے یہ پراویژن جو ہے غیر مناسب ہے جناب والا ! بل میں لائسنس فیس کی کوئی تعداد مقرر نہیں کی ہے کہ کتنی فیس لی جائے گی اور کہیں ایسا نہ ہو کہ فیس کی شرح اتنی مقرر کی جائے کہ بعض ٹریول ایجنسیاں جو موجود ہیں وہ لائسنس کی فیس ادا نہ کر سکیں اور ان کو لائسنس کے حصول میں دقت ہو اس لئے فیس کی تعداد بھی بل میں مقرر کی جانی چاہیئے اور کم سے کم تعداد مقرر کی جانی ضروری ہے۔ جناب والا ! اس کے ساتھ ہی میرا یہ خیال ہے کہ گورنمنٹ شاید اتنی مخلص نہیں ہے ورنہ کل والے بل میں اور آج اس بل میں exemption کی کلاز رکھی ہے اور جب ایک قانون بنانا ہے تو پھر exemption کسی کو دینا غیر مناسب ہو جاتا ہے exemption جو ہے یہ غیر ضروری ہے اور غیر مناسب ہے اور ساتھ ہی یہ بنیادی حقوق کے خلاف ہے اور اس سے قانون میں ایک discrimination آ جاتی ہے حالانکہ قانون کے سامنے تمام شہری برابر ہیں اور یہ exemption بنیادی حقوق میں discrimination کے مترادف ہے اور یہ exemption کی جو کلاز ہے میں سمجھتا ہوں کہ یہ exemption کسی خاص favourite کو دی جائے گی اور باقی کو کہا جائے گا کہ آپ لائسنس حاصل کریں اور ان کو لائسنس کے حصول میں دقتیں پیش آئیں گی اور جو favourite ہونگے وہ اپنا کاروبار چلاتے رہینگے اور یہ exemption جو ہے یہ بالکل غیر ضروری ہے اس کو بل میں سے نکال دینا چاہیئے۔ جناب والا ! جیسا کہ خواجہ صاحب نے فرمایا کہ گارنٹی فنڈ جو ہے اس کے متعلق یہ بھی تقاضا کیا جا رہا ہے کہ ٹریول ایجنسی جو ہے وہ گارنٹی فنڈ جمع کرے گی یعنی بعض ایجنسیاں جو ہونگی اور جو اپنا کاروبار بہتر طریقے سے چلا سکتی ہیں ان سے اتنی گارنٹی طلب کی جائیگی کہ شاید وہ رقم بنک میں جمع نہ کرا سکیں اپنا کاروبار چلانے سے محروم رہ جائیگی۔ تو یہ گارنٹی فنڈ جو ہے میرے خیال میں مناسب ہوگا کہ اس کو

[Mr. Shahzad Gul]

بل سے حزف کر دیا جائے تا کہ ہر شخص جو اس کاروبار کے لائق ہو جو قابل ہو وہ اس کو اچھی طرح چلا سکے اور ان کو چلانے کا موقع ملے اور یہ جو غیر ضروری اخراجات ہیں ان کی وجہ سے اپنے کاروبار کو چلانے سے محروم نہ رہے اور ٹورسٹ انڈسٹری جو ہے یہ ہمارے ملک میں ترقی کر سکے اور اس سے ملک کو فائدہ ہو اس لئے اس کو آسان بنانا چاہیئے زیادہ پابندیاں نہیں لگانی چاہیئیں ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** زہری صاحب اس وقت جو ترتیب ناموں کی ہے اور جس طرح دوستوں نے اظہار کیا وہ ترتیب یہ ہے خواجہ صاحب اور شہزاد گل صاحب اظہار خیال فرما چکے ہیں اس کے بعد کامران خان صاحب ' قاضی فیض الحق صاحب ، حاجی سید حسین شاہ صاحب پھر نبی بخش زہری صاحب پھر کمال اظفر صاحب اور اس کے بعد مسعود احمد خان صاحب آخری مقرر ہونگے میرے خیال میں انہی دوستوں نے بل کی فسٹ ریڈنگ میں اظہار خیال فرمانے کی خواہش ظاہر کی ہے جی کامران خان صاحب ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں بھی کھڑا ہوا تھا لیکن آپ کی نظر التفات غالباً ادہر تھی ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** زہری صاحب آپ تشریف رکھیں میں ذرا مولانا صاحب سے بات کر لوں جی مولانا صاحب ؟

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں بھی کھڑا ہوا تھا غالباً آپ کی نظر التفات ۔ ۔ ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** میرے خیال میں آپ اپنی سیٹ پر موجود نہیں ہونگے کسی اور جگہ ہونگے چلیئے اب آپ کا نام درج کر لیتے ہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** جیسے آپ خیال فرمائیں ایسی کوئی ۔ ۔ ۔

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** نہیں بالکل نہیں ۔

**مولانا شاہ احمد نورانی صدیقی :** میں یہ شکایت کر رہا تھا کہ آپ کی نظر التفات زہری صاحب کی طرف تھی ۔

**جناب نبی بخش زہری :** جناب چیئرمین ! آپ کی خدمت میں میری تجویز یہ ہے کہ اپوزیشن سے یا ان پنچوں سے جو تقریریں فرمائی جائیں تو حق یہ ہے کہ یہاں سے بھی ایک آدھ کو موقع ملنا چاہیئے تا کہ زیادہ سے زیادہ ہم ایک دوسرے کی مدد کر سکیں دلائل دینے میں اور آئندہ جو اسپیکر ہوں وہ اپنے آپ کو new points کے لئے تیار رکھیں اگر ایک طرف سے اعتراضات والے کہتے رہیں تو پھر سب تائید کرنے

والے اٹھیں گے اس لئے میرے خیال میں یہ زیادہ بہتر ہوگا کہ اگر اس طرف سے بھی اور گورنمنٹ side کو بھی ساتھ ساتھ موقع دیں -

**جناب صدارت کنندہ آفیسر :** زہری صاحب جب میں دوستوں کے نام پڑھ رہا تھا تو آپ کی توجہ غالباً سید قمرالزمان صاحب کی طرف تھی اس لئے اس ترتیب کو نہ سن سکے اور جس انداز سے دوست کھڑے ہوئے ہیں اسی انداز سے میں نے ترتیب دی ہے دو ایک دوست اس طرف سے ہیں پھر قاضی فیض الحق صاحب ہیں اس کے بعد حاجی سید حسین شاہ صاحب ہیں ان کے بعد اور ہیں تقریباً اسی انداز سے ترتیب ہے لیکن ایسی کوئی پابندی نہیں ہے کہ ایک ادہر سے بولے اور پھر ایک ادہر سے بولے لیکن کچھ تھوڑا بہت فرق ہے کیونکہ صورت حال ایسی ہی ہے لیکن جو بات آپ نے کہنی ہے وہ آپ نے کہنی ہے اور جو انہوں نے کہنی ہے وہ انہوں نے کہنی ہے اور متعلقہ وزیر صاحب بیٹھے ہوئے ہیں اصل پوائنٹ تو انہوں نے نوٹ کرنے ہیں کہ وہ ان خیالات کو جن کا اظہار آپ فرما رہے ہیں وہ دیکھیں گے کہ وہ کس حد تک ان کو جو وہ accomodate کر سکتے ہیں یہ تو انہوں نے دیکھا ہے زہری صاحب آپ تشریف رکھیئے جی کامران صاحب -

**Mr. Kamran Khan :** Sir, as my honourable friends have already said there could be no two opinions with regard to the aim and objective in this Bill. Tourism all over the world is a very paying industry and all countries are trying to attract as many tourists as possible by providing all sorts of incentives, comforts and other things of attraction.

Sir, Pakistan also offers great deal of attraction for the tourists because of our ancient history or heritage and the climatic conditions also. If efforts are made in the right direction earnestly then we can also be one of the greatest tourist countries in the world. Sir, the honourable Minister of State for Tourism has given a resume of the plans which they have in mind for developing tourism and tourist spots all over the country but I was rather sorry to note that he has reglected a spot which used to be called the 'paradise of the East' or the 'Switzerland of Pakistan', *i.e.* Swat. There is not a single project going to be set up in that area. May I ask the honourable Minister of State whether all his well in that area ? Is there no room for improvement or it is just that some people are allergic to the name of Swat ? Sir, I have also noted in several government publications giving beautiful pictures of Swat but they just write Northern Area. Sir, if they write 'Swat' at least Swat would be introduced to the tourists and Swat is already introduced to the tourists.

---

*At this stage the Chair was occupted by Mr. Deputy Chairman.*

---

**Mr. Kamran Khan :** Sir, during the winter session of the Senate in 1973-74 Winter session of the Senate probably it was, I raised a question with regard to the airfield which was proposed to be set up in Swat and the Ski resort and I was given a categorical assurance on the floor of the House that work would commence on these two projects in 1974. But, Sir, since then there has been no news and we don't know that has happened

[Mr. Kamran Khan]

to those projects. Now, Sir, the existing rest houses have been in existence before being taken over by the Pakistan Tourism Development Corporation. They have not set up any new rest house. The old ones which used to be certainly in good conditions, and if the honourable Minister of State would pay a surprise visit to those rest houses he would be shocked to see the state of affairs there. I have been going to these rest houses and last year I happened to go there. Sir, the carpets which used to be there have disappeared. The furniture is all broken. The bath room pipes are leaking. So, I would suggest that Minister of State and the Minister Incharge also and the responsible officials of the Government concerned with this Department should pay periodical, surprise visits and not arranged visits, to these rest houses not in Swat only but all over the country. They should also visit the tourist inns. There is a tourist in near Attock. I happened to visit that the other day and, Sir, the standard of cleanliness there is not upto mark. I must say that there is a great scope for improvement. Now, Sir, for tourism the first thing we require is law and order. A tourist would not go to a place at the risk of his life. The law and order situation in our area, particularly in Swat, has deteriorated during the last few years, so much so that I was told by an official of the Tourism Department that they did give advice to the tourists in Swat not to travel after the sun set. Is it the way that you attract the tourists from abroad or even within the country ?

Now, Sir, another point that I would like to bring to the notice of the honourable Minister of State is that the hotels in the Frontier Province charge 5 per cent more on the bills as a Provincial Tax. It is granted that it is a Provincial subject. But the Federal Government could issue directives to the provincial government not to charge this tax. The taxes in Islamabad or in Pindi are less and the taxes in Frontier Provine are more—the Provincial taxes there over and above the Federal taxes. So, that is another thing which is a deterrent to the tourists. With these few words I conclude and thank you very much.

**Mr. Deputy Chairman :** Now, it is the turn of Senator Qazi Faizul Haque.

**قاضی فیض الحق :** جناب چیئرمین ! جہاں تک اس بل کے مقاصد کا تعلق ہے ہم ان سے متفق ہیں - مجھے یاد ہے کہ گزشتہ اجلاس میں ہم نے ٹورزم کی ترقی کے لئے ریزولیشن پیش کی اور سوالات کئے گئے کہ پاکستان میں ٹورسٹ انڈسٹری کو فروغ دیا جائے اس ملک کے مختلف علاقوں میں ریسٹ ہاؤس ڈویلپ کئے جائیں بعض علاقوں میں پہلے سے موجود تھے لیکن بدقسمتی سے پہلی حکومتوں نے اس طرف کوئی توجہ نہ دی مجھے یہ بھی یاد ہے کہ بلوچستان اور سرحد کے مقام پر جب جناب وزیراعظم صاحب تشریف لائے تھے تو لوگوں نے یہی درخواست کی تھی کہ زیارت کو ڈیولپ کیا جائے تاکہ سیاحت کو فروغ ملے اور ان لوگوں کو بھی کچھ فائدہ ہو جو وہاں چھ مہینے کاروبار کرتے ہیں تو عوامی حکومت نے میرے خیال میں پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار اس ٹریڈ کی طرف توجہ دی ہے اور یہ ایک بہت مفید اور تعمیری ٹائپ

کا بل لایا گیا ہے جس کا مقصد ٹریول ایجنسیز پر کنٹرول اور ان کو کسی قانون کے پابند بنانا ہے ماضی کا تجربہ ہمیں یہ بتاتا ہے کہ سیاح پہلے بھی آتے رہے لیکن سیاحوں کا واسطہ ایسے لوگوں سے پڑتا تھا جو من مانے چارجز وصول کرتے تھے اور اس کا اثر سیاحوں پر برا پڑا جو لوگ خشکی کے راستے کوئٹہ اور بلوچستان آتے ہیں انہیں پنجاب یا سندھ میں جانے کے لئے پہلے وہاں رکنا پڑتا ہے لیکن ان ٹریول ایجنسیز پر کسی قانون کا اطلاق نہ ہونے کی وجہ سے جو زیادتیاں سیاحوں کے ساتھ ہوئیں ان کا علم ہم سب کو ہے اور میرے خیال میں اس بل کے آنے کے بعد کافی حد تک سیاحت کا ماحول ٹھیک ہو جائے گا ٹورزم تجارت کے نکتۂ نظر سے زرمبادلہ میں اضافے کا سبب بنے گا اور میں اگرچہ تھوڑا بہت خواجہ صاحب کے خیالات سے تھوڑا بہت متفق ہوں جو انہوں نے فرمایا کہ اب جو سیکورٹی بنک گارنٹی عائد کی جا رہی ہے اس سے سیاحوں کے چارجز زیادہ ہو جائیں گے - اس بل کا مقصد تو سیاحوں کو سہولتیں فراہم کرنا ہے اور انہیں یہاں ہر قسم کا تحفظ دینا ہے اگر ان کے چارجز زیادہ ہونگے تو پھر ان کے لئے پاکستان میں آنے کے لئے دلچسپی کم ہو جائے گی اس لئے اگر وزیر صاحب اس بات کی یقین دہانی کرائیں کہ وہ اس سیکورٹی اور بنک گارنٹی پر مناسب نظر ثانی کریں گے تو یہ سیاحوں کے لئے حوصلہ افزائی کا سبب ہوگا ان تمام نقائص کو دور کیا جائے جن کی وجہ سے سیاح پاکستان کی بجائے دوسرے ملکوں کو چلے جاتے ہیں سیاحوں کے چارجز اتنے کم ہوں کہ وہ بجائے کابل یا دوسرے ممالک میں جانے کے پاکستان میں آئیں اور اس کے اچھے سلوک کی وجہ سے پاکستان آنا پسند کریں تو دوسری عرض یہ ہے کہ میرے معزز دوست نے فرمایا ہے کہ سوات کے متعلق کچھ نہیں کیا گیا مجھے افسوس سے کہنا پڑتا ہے کہ پچھلے اجلاس میں جو کہ ہمارا پہلا اجلاس تھا اس میں سوالات ہوئے اور جوابات بھی دیئے گئے ملک کے مختلف حصوں کے متعلق سوالات ہوئے اور سوات کا بھی ذکر ہوا تھا اس اجلاس میں ہم نے ریزولیشن پیش کئے چھ مہینے کے بعد ہمارے دوست آ کر کہتے ہیں کہ سوات کا کوئی ذکر نہیں ہوا ہے - ہم نے سوات یا بلوچستان یا پنجاب کے یا سندھ کے ٹورسٹ ریزارٹس کے متعلق اس معزز ایوان کے علم میں ہے کہ اس ایوان میں بحث کی گئی اور ہمیں یقین دیہانیاں کرائی گئی ہیں کہ جو پروگرام دیا گیا ہے اس پر عمل شروع ہو گیا ہے ان کو تو اس کی تائید کرنا چاہیئے تاکہ اگلا قدم بھی آسانی سے اور جلدی اٹھایا جا سکے - ان الفاظ کے ساتھ میں اس بل کی پر زور حمایت کرتا ہوں - شکریہ -

جناب ڈپٹی چیئرمین : حاجی سید حسین شاہ -

حاجی سید حسین شاہ : جناب چیئرمین ! اس مسودہ قانون کے متن میں جو خامیاں ہیں ان پر میرے فاضل دوست جناب خواجہ محمد صفدر صاحب نے اور جناب شہزاد گل صاحب نے کافی روشنی ڈالی ہے ان خامیوں کے علاوہ اس قانون کے نفاذ میں ایک

[Haji Sayed Hussain Shah]

قباحت یہ بھی ہے کہ حکومت اس قانون کے ذریعے لوگوں کے چلتے کاروبار میں رکاوٹ ڈالنے کی کوشش کرے گی ۔ اس وقت پاکستان کے گوش و کنار میں بے شمار ٹریول ایجنسیاں ہیں اور ان میں لا تعداد لوگ کام کرکے اپنی اور اپنے بچوں کی گزر اوقات کر رہے ہیں ڈر یہ ہے کہ اس قانون کے نفاذ سے ان میں سے اکثر لوگ بے روزگار ہو جائیں گے ۔ اس وقت بے روزگاری اور بیکاری انتہا کو پہنچ گئی ہے ہم ہزار ہا لوگوں کو بیروزگار کرکے اس میں کون سا ثواب حاصل کریں گے ۔ دوسری قباحت جو اس بل میں ہے وہ یہ ہے کہ ملک میں کافی سے زیادہ ٹریول ایجنسیاں ہیں اور ٹریول ایجنسیوں کی زیادتی کے سبب ان میں آپس میں مقابلہ ہے ، ان میں کاروباری رقابت ہے ۔ اس سے ہر ٹریول ایجنسی کی یہ کوشش ہوتی ہے کہ وہ اپنے کاروبار کو فروغ دے اپنے کاروبار کو ترقی دے اور اسی چیز کو پیش نظر رکھ کر یہ ٹریول ایجنسیاں سیاحوں کی حد سے زیادہ خدمت کرتی ہیں اور ان کو زیادہ سے زیادہ سہولتیں پہنچاتی ہیں اور ان سے کم سے کم معاوضہ حاصل کرتی ہیں۔ جناب چیئرمین! تجارت میں نفع کی مساوی تقسیم اسی طرح ہو سکتی ہے کہ تجارت میں مقابلہ ہو اور اگر خدانخواستہ کسی کاروبار میں چند اشخاص کی اجارہ داری ہو ' چند اشخاص کی مناپلی ہو تو پروڈیوسر اور کنزیومر دونوں کا نقصان ہے اور تاجر جب مناپلی حاصل کرتے ہیں تو وہ پھر عوام پر رحم نہیں کرتے ۔ اس قانون کے نفاذ کے بعد ڈر یہ ہے کہ چند ناتجربہ کار لوگ ، مراعات یافتہ لوگ اپنا اثرورسوخ استعمال کرکے سفارشوں سے ، اقرباپروری سے لائسنس حاصل کریں گے اور اس کاروبار پر مناپلی حاصل کریں گے اگر ٹورزم پر ایسے مفاد پرست اشخاص کی مناپلی ہو گئی تو میں آپ سے عرض کروں گا کہ اس کاروبار کا حشر وہی ہوگا جو آج بناسپتی گھی اور سمینٹ کی تقسیم کا ہو رہا ہے سیمنٹ کی تقسیم اور بناسپتی گھی کی تقسیم کے کاروبار میں جو لوگ اپنی آنکھوں پر طمع اور لالچ کی پٹی باندھ کر اپنے ہم وطنوں کو لوٹ رہے ہیں ۔ ۔ ۔

**راؤ عبدالستار :** پوائنٹ آف آرڈر سر !

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** پوائنٹ آف آرڈر ۔

**راؤ عبدالستار :** معزز مقرر موضوع سے ہٹ گئے ہیں انہیں بل کے عام اصول زیر بحث لانے چاہیں نہ کہ سمینٹ اور بناسپتی گھی کا ذکر کرنا چاہیئے ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** راؤ صاحب صحیح فرماتے ہیں کیونکہ سمینٹ اور بناسپتی گھی کے متعلق آپ نے ایک حوالہ دے دیا تھا وہ کافی تھا ۔

**حاجی سید حسین شاہ :** میں ایک مثال دے رہا ہوں ۔

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ نے فرمایا کہ جو حشر ان کا ہوا وہی حشر ان کا بھی ہوگا یہ کافی تھا ۔

**حاجی سید حسین شاہ :** گزارش یہ ہے کہ جو لوگ سیمنٹ اور بناسپتی گھی کا کاروبار کر رہے ہیں - - - -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اب آپ پھر ذکر کر رہے ہیں -

**حاجی سید حسین شاہ :** انہوں نے جو بدنامی حاصل کی ہے وہ اسی علاقے کے باشندوں تک محدود ہے - یہ زیادہ سے زیادہ اس ضلع یا اس صوبے کے باشندوں تک محدود رہی مگر ان ٹریول ایجنسیوں کا واسطہ سیاحوں سے پڑتا ہے اور سیاحوں کا تعلق ایک ملک سے نہیں ہوتا بلکہ سیاح دنیا کے گوش وکنار سے آتے ہیں - اگر خدانخوستہ یہ لوگ سیاحوں سے اسی طرح کا سلوک روا رکھیں جس طرح کا سلوک سیمنٹ اور گھی کے تقسیم کنندگان کر رہے ہیں تو ان کی بدنامی پاکستان کی سرحد کے اندر تک محدود نہیں رہے گی بلکہ جناب والا ! جہاں یہ لوگ خود رسوائے زمانہ ہوں گے وہاں اس کے ساتھ ساتھ پاکستان کی بدنامی ہوگی اور پاکستان کا وقار خاک میں مل جائے گا - جناب والا ! میں آپ کی وساطت سے اپنے ان دوستوں کو جو میرے بائیں ہاتھ بیٹھیں ہیں گزارش کروں گا کہ اس مسودہ قانون کو درخور اعتناء نہ سمجھیئے اور اس کو پاس کرنے سے اجتناب کریں اور ہزاروں لوگوں کے پیٹ مارنے ان کی روزی چھیننے کا گناہ اپنے سر نہ لیں - شکریہ -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** اب باری ہے جناب نبی بخش زہری صاحب کی -

**جناب نبی بخش زہری :** جناب چیئرمین ! میں زیر بحث ٹریول ایجنسی بل کی پرزور حمایت کرتا ہوں اور میں وزیر مملکت صاحب سے چاہوں گا کہ میری حمایت کے ساتھ ساتھ میری کچھ تجاویز بھی ہیں ان کو بھی غور سے نوٹ کریں جیسا کہ مجھے بھروسہ ہے کہ وہ اس پر عمل کریں گے اس سے پیشتر کہ میں اپنی تجاویز کے بارے میں کچھ کہوں میں جناب چیئرمین صاحب کی وساطت سے خواجہ محمد صفدر صاحب کے کچھ نقاط کا حوالہ دیتا ہوں جو انہوں نے بیان فرمائے ہیں کہ جو کمیٹی ہے وہ بے اختیار ہے اور ان کے خیال میں اس میں بہت ہائی آفیشلز ممبر ہیں نتیجہ یہ ہوگا کہ اخراجات بڑھ سکتے ہیں - میری ذاتی رائے میں ہمارے ہاں اس ملک میں اور دوسرے ملکوں میں بھی وزارتوں کی موجودگی میں بھی ہائی آفیشلز کی اور پبلک نمائندوں کی کمیٹیاں ہوا کرتی ہیں - اور آج ہمارے ملک میں بھی موجود ہیں - جہاں تک اختیارات کا سوال ہے - بے اختیار با اختیار با مشورہ دینے والی میرے خیال میں منسٹری متعلقہ نے جو تجویز کیا ہے کہ یہ مشورہ دیں گے یقیناً ان کو مشورہ دیں گے یہ اس وقت میں سمجھتا ہوں کہ ان کا مشورہ بہتر ہوگا - وہ ایسے نہیں ہیں کہ

نشستند و گفتند و برخاستند

بلکہ ان کے مشورے سے منسٹری فائدہ اٹھائے گی - میں اس میں کچھ اضافہ چاہتا ہوں کیونکہ جہاں تک میں نے اندازہ کیا اور دیکھا ہے اس کمیٹی میں صوبوں سے پبلک

[Mr. Nabi Baksh Zehri]

کے نمائندوں کا نمایاں ذکر میری نظر سے نہیں گزرا میری تجویز ہے کہ جہاں آفیشلز اور ٹریول ایجنسیوں کے نمائندے اس کمیٹی میں ہوں گے وہاں ہر صوبے سے جو موزوں شخصیت ہو پبلک کا نمائندہ ہو - یا سینٹر ہو یا نمائندہ ہو - اس کا بھی ہر صوبے سے ہونا ضروری ہے - اس سے زیادہ مدد ملے گی کیونکہ وہ پبلک کا نکتہٗ نظر جو بزنس اور آفیشلز کے علاوہ ہے اس میں اپنی رائے دیں گے اور اس میں کمیٹی میں مدد ملے گی - بلکہ وہ لوگ اگر ہاؤس میں ہوں گے تو وہ کسی بل پر کسی ترمیم ہر کسی وقت اتنی معلومات رکھیں گے کہ وہ ہماری رہبری بھی کر سکتے ہیں تو میں سمجھتا ہوں کہ اس کمیٹی میں پلبک نمائندے ضرور ہونے چاہئیں - دوسری بات ہے ٹریول ایجنسیوں کے متعلق - یہ میں نے خواجہ صاحب اور چند اور دوستوں سے سنا کہ اگر بینک گارنٹی یا ان سے یہ معلوم کیا گیا کہ ان کا کیا تجربہ ہے - یا ان کی ساکھ ، یا ان کی مالی حیثیت کیا ہے اس پر خدشہ ظاہر کیا گیا ہے کہ ٹورسٹوں پر اخراجات زیادہ ہو سکتے ہیں جو لوگ ملک سے باہر tour کر چکے ہیں شاید ان کو معلوم ہے اور ان کو معلوم ہونا چاہیئے کہ نہ صرف ٹریول ایجنسیوں کے معیار کو قائم کرنے کے لئے ضروری ہے - جیسا کہ بل میں کہا گیا ہے کہ ہر زبان کے لوگ اور تجربے والے لوگ بھی ہر ٹریول ایجنسی کے پاس لازمی ہونے چاہئیں جیسا کہ میرے ایک دوست نے کہا کہ دنیا کے کونے کونے سے یہاں لوگ آتے ہیں وہ سب انگریزی دان نہیں ہوتے وہ سب اردو دان نہیں ہوتے سب فرینچ دان یا کسی ایک زبان کے نہیں ہوتے بلکہ بسا اوقات ایسے ٹورسٹ بھی آتے ہیں جن کی رہبری کے لئے زبان دانوں کی ضرورت ہوتی ہے - لہذا ٹریول ایجنسیوں کو بڑے اچھے انتظامات کرنے ضروری ہوتے ہیں - تو وہ اسی وقت اچھے انتظامات اور آسانیاں پیدا کر سکتی ہیں جب کہ ان کی مالی پوزیشن اور تجربہ درست ہو تو میں سمجھتا ہوں کہ اس بل میں جو یہ کہا گیا ہے کہ ٹریول ایجنسیوں کی خدمت کے عوض جو چارجز ہیں وہ فکس ہوں گے تو یہ خدشہ نہیں رہتا کہ وہ زیادہ چارج کریں بلکہ آج تک جب یہ بل نہیں آیا تھا تو اس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ اپنے طریقے سے چارجز قائم کرتے اور کسی سے کیا چارج کرتے اور کسی کو کیا تکلیف پہنچاتے تھے - وہ غیر ذمہ دار تھے - میرے خیال میں ہمیں اطمینان کرنا چاہیئے کہ اگر قانون میں اس کی حدود معین کی جائیں تو اس کو عمل میں لانے کے لئے آسانی ہوگی - اس لئے میں سمجھتا ہوں کہ اس میں کوئی مشکلات نہیں ہیں - رہا لائسنس جاری کرنے کا مسئلہ تو لائسنس کا جاری کرنا بھی بہت ضروری ہے - اسے آج ہم نہ صرف اس ملک میں introduce کر رہے ہیں بلکہ دنیا کے مختلف ممالک میں بھی ٹریول ایجنسیوں کے معیار اور ان کی ساکھ کو دیکھا جاتا ہے - اور وہ لائسنس جاری کرنے سے پیشتر یہ معلومات کرتے ہیں اور لائسنس اس لئے جاری کرتے ہیں کہ وہ بھی ایک weapon ہے - ایک ہتھیار ہے ایک کاروبار ہے جیسا کہ امپورٹ اور ایکسپورٹ کا بزنس بھی ہے چنانچہ اس کاروبار کے لئے بھی لائسنس کی ضرورت ہے - اور مجھے بھروسہ ہے کہ وہ خدشات نہیں ہو سکتے اور نہ

ہونے چاہئیں جیسے کہ میرے دوستوں نے ظاہر کئے ہیں کہ یہاں پر کوئی اقرباء پروری ہو سکتی ہے مجھے بھروسہ ہے کہ یہ طریق کار کسی نہ کسی دن اچھا کامیاب رہے گا اب میں آپ کی وساطت سے منسٹر آف سٹیٹ کی خدمت میں کچھ تجاویز پیش کرتا ہوں - میری تجویز یہ ہے کہ ملک میں جہاں سے سیاح داخل ہوتے ہیں وہاں پر جس جگہ پر کسٹم کا آفس ہے اس کے ساتھ ہمارے ٹورزم کا مکمل آفس لازمی ہے - کیوں کہ ہر ملک میں سیاحوں کے داخل ہوتے ہی چاہے وہ ٹرین سے آتے ہوں - یا ہوائی جہاز سے آتے ہوں یا by road آتے ہوں یا by sea آتے ہوں تو ٹورزم کا آفس ہر ملک میں وہاں موجود ہوتا ہے تو سیاح یعنی ٹورسٹ جہاں ہم جاتے ہیں یا وہ لوگ آتے ہیں وہ اس سے مدد یہ لیتے ہیں کہ یہاں ٹریِن ہے یا نہیں ہے اور فلاں جگہ سے ہمارا سفر کتنا دور ہے اور ان کو map دیا جاتا ہے - لیکن بدقسمتی سے آج ہم ٹورزم کا آفس اپنے ملک کے اندر کسی کسی جگہ دیکھتے ہیں - چنانچہ بارڈرز پر جہاں سے سیاح داخل ہوتے ہیں وہاں پر ٹورزم کا آفس میں نے نہیں دیکھا - یہ لازمی ہے - جہاں سے سیاح داخل ہوتے ہیں وہاں اگر ٹورزم کا آفس نہیں ہے تو وہاں ہونا چاہیئے - اب میں ان علاقوں کی طرف آتا ہوں جن کے متعلق ہمارے آنریبل منسٹر آف سٹیٹ نے بتایا کہ وہاں ٹورزم کی ترقی کے لئے یہ کچھ ہوتا ہے تو میں کہتا ہوں کہ ایک اہم point کو totally نظر انداز کیا گیا ہے سابقہ جو سیاحت کا ترقیاتی ادارہ اس نے جس علاقے کو totally نظر انداز کیا ہے وہ ہے بلوچستان کا علاقہ - بلوچستان کی مختلف سمتوں سے اور خاص طور پر ایران سے ملحقہ سمت جس سے ہماری by road آمد ہوتی ہے وہ صرف ایک ہی جگہ سے ہے - وہ ہے ضلع چاغی جو کہ ایران سے ملتا ہے - وہاں پر ابھی تک ٹورزم کی آسانی پیدا نہیں کی گئی نہ میسر ہے - نہ اس کی طرف توجہ کی گئی ہے - میں جناب کی وساطت سے آنریبل سٹیٹ منسٹر سے کہوں گا کہ وہ اپنی گفتگو دوسرے ممبروں سے بند کر دیں اور میری تجاویز کو سنیں اور اس کے بعد ان کو نوٹ کریں -

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** وہ آپ کی تجاویز پر مشورہ لے رہے ہوں گے یہ تو مناسب بات ہے -

**جناب نبی بخش زہری :** عرض یہ ہے کہ وہ پہلے میری تجاویز کو سن کر ان کو نوٹ کریں پھر جناب چیئرمین صاحب ! اس کے بعد وہ مشورہ لینے کی جسارت کریں تو جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ ضلع چاغی یعنی ایران سے کوئٹہ تک تقریباً چار سو میل کا علاقہ ہے میں وہاں اکثر و بیشتر سفر کرتا رہا ہوں مجھے ٹورسٹ ملتے رہے ہیں - جن کو پٹرول نہیں ملا ہے اور ان کی گاڑیاں راستے میں کھڑی ہیں - میں ذاتی طور پر گواہ کی حیثیت سے اس معزز ایوان میں کہتا ہوں - ٹورزم کا محکمہ موجود ہوتے ہوئے بھی ان چیزوں پر توجہ نہیں دی گئی ہے - ۴ سو میل کے علاقے میں پٹرول اور ڈیزل کی بڑی قلت ہے اور نمبر ۲ وجہ یہ ہے کہ ٹورزم کا کوئی

[Mr. Nabi Baksh Zehri]

انتظام ہی نہیں اگر ہے تو وہ کاغذوں پر اور برائے نام ہے - اس لئے یہ ۹ سو میل کا حصہ کوئٹہ تک پہنچنے کے لئے دشوار گزار ہے سیاحوں کے لئے بہت سی چیزیں مشکلات کا سبب بنتی ہیں ان کے لئے گیراج نہیں ہیں ، ریسٹ ہاؤس نہیں ہیں ، راستے میں ان کو کھانا نہیں ملتا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ اکثر یہ ثبوت پایۂ تکمیل کو پہنچتا ہے کہ وہ ایران سے ہوتے ہوئے مشہد سے اور مشہد سے سبستان سے سیدھا کابل میں جاتے ہیں بلکہ ہمارے حاجی اور پاکستانی اس راستے سے نہیں جاتے وہ کوئٹہ سے چمن ہوتے ہوئے قندہار اور پھر ایران سے آگے جاتے ہیں تو اس کا مطلب یہ ہوا کہ اپنے ملک کے ٹورسٹ جو ہیں وہ داخلہ کی آسانیاں نہ ہونے کی وجہ سے اپنے اس پورے حصہ ملک میں ، کئی سو میل تک خراب انتظامات کی وجہ سے نہیں جا سکتے - یہ اس لئے آنریبل منسٹر کو حوالہ دیا گیا ہے کہ کاغان میں اور سوات میں tourism department ہو - وہاں پر پشاور سے اور پشاور سے کاغان اور چترال کہاں کہاں سے پہنچ کر پھر اٹھ کر چلے جاتے ہیں - میں عرض کرتا ہوں کہ آپ بھی بلوچستان کی زمین سے بے بہرہ ہو جاتے ہیں - سیاح چاہتے ہیں کہ وہاں آئیں کیونکہ وہاں قدیم چیزیں موجود ہیں بلکہ ہم خود اکثر و بیشتر علاقے کی بودوباش کرتے ہیں - یہ چیز سیاحوں کے لئے بڑی دلچسپی کا باعث ہے ہماری بودوباش سے ۴-۳ ہزار سال پہلے کی زندہ مثالیں ملتی ہیں کیونکہ دنیا بھر میں اس کی بڑی تعریف ہوگی کہ وہ آئیں اور ہمیں ہی دیکھیں نہ صرف یہ کھنڈرات کو دیکھیں بلکہ ہماری بودوباش کو دیکھیں یہ ان کے لئے بڑی attraction ہے - ہم بلوچستان کے لوگ بڑے کاروبار کا سبب بن سکتے ہیں اس لئے ہم چاہتے ہیں کہ وہاں روڈ ٹھیک ہونی چاہیں کوئٹہ تک جانے کے لئے ، پھر پٹرول اور ڈیزل کے پمپ ہونے چاہیں سپیئر پارٹس کا انتظام ہونا چاہیئے -

**جناب احمد وحید اختر :** پوائنٹ آف آرڈر - یہ جو زہری صاحب فرما رہے ہیں اس کا اس بل سے کیا تعلق ہے ؟

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** انہوں نے جو کہا ہے اس میں کچھ بل کے سلسلے کی باتیں ہیں کہ بل اس لئے لایا جا رہا ہے کہ ٹورسٹ کو فائدہ ہو اس سلسلے میں انہوں نے مزید تجاویز پیش کی ہیں انہوں نے میرے خیال میں تقریر ختم کر لی ہے -

**جناب احمد وحید اختر :** جناب والا ! وہ بل کے متعلق گفتگو فرمائیں ان کی تقریر کا بیشتر حصہ بہت اہم ہے اور معلومات افزا ہے ان کی معلومات سے ہمیں بہت خوشی ہے کہ وہ سب کچھ جانتے ہیں جناب والا ! انہوں نے ہمارے علم میں اضافہ کیا ہے لیکن اس کا بل کے ساتھ کیا تعلق ہے ؟

**جناب ڈپٹی چیئرمین :** آپ کیا فرماتے ہیں ؟

جناب نبی بخش زہری : جناب ڈپٹی چیئرمین ! آپ مجھے موقع دیں تو میں عرض کروں کہ میرے دوست جب ''چیئر'' پر بیٹھے تھے - - -

جناب ڈپٹی چیئرمین : انہوں نے آپ سے دوستوں والی نہیں کی -

جناب نبی بخش زہری : جب احمد وحید اختر کرسی صدارت پر بیٹھے تھے اس وقت میں بھی دوسرے معزز ممبران کے ساتھ کھڑا ہوا تھا لیکن انہوں نے میرا نام نہیں لکھا تھا حالانکہ سب سے زیادہ ماشاء اللہ میں جسیم ہوں -

(قہقہے)

مگر انہوں نے اس ''چئیر'' کی ذمہ داری پوری نہیں کی میرا نام لسٹ میں نہیں رکھا بلکہ میں نے پوائنٹ آؤٹ کیا کہ میں بھی کھڑا ہوں میرا نام بھی درج کریں یہ سب ریکارڈ پر ہے آپ ٹیپ سن سکتے ہیں -

جناب احمد وحید اختر : جناب والا ! مجھے ان کے جسیم ہونے سے انکار نہیں ہے لیکن اگر یہ طویل ہوتے تو نظر آتے -

جناب نبی بخش زہری : اب میرا قصور نہیں ہے کہ کوئی ماچس کی تیلی ہو اس میں میرا کیا قصور ہے ؟ آخر میں انسان ہوں انسان کی حد تک مجھے صحت مند ہونا چاہیئے - بات یہ ہے کہ ان کے ذہن میں کسی نے میرے بارے میں شکوک ڈال دئے ہیں اس لئے انہوں نے مداخلت کی ہے -

(مداخلت)

جناب نبی بخش زہری : یہ ان کے قد کا قصور ہے -

کل صغیر ، فتنتہ ، الا علی

جناب احمد وحید اختر : قد میں ہم دونوں برابر ہیں -

(قہقہے)

جناب نبی بخش زہری : کل ، طویل ، احمق ، الا عمر -

جناب ڈپٹی چیئرمین : الا قاضی -

(قہقہے)

جناب ڈپٹی چیئرمین : کل طویل احمق الا عمر -

جناب احمد وحید اختر : اس میں نبی بخش زہری کو بھی شامل کر لیجیۓ -

جناب نبی بخش زہری : بعض لوگ فتنہ پیدا کرتے ہیں ، میں امید کرتا ہوں کہ آپ مجھے موقع دیں گے ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : آپ کا نکتہ نظر میں سمجھتا ہوں ریلیونٹ تھا ۔

**Mr. Nabi Baksh Zehri :** Thank you very much.

جناب والا ! میں عرض کرتا ہوں کہ ٹوورزم کے متعلق ہم نے ابھی تک جو کچھ کیا وہ بہت کم ہے اور ابھی اس ملک میں ٹوورزم کے بہت کچھ کرنا باقی ہے ۔ اس غرض کے لئے جتنے بھی فنڈز ہیں ان کا proper استعمال ہونا چاہیئے اور جناب منسٹر صاحب بھی اس جانب خود توجہ دیں اور کنٹرول کریں ۔ اس میں اقرباءپروری نہ ہو ۔ اس میں کسی وجہ سے بھی بال اور خط کیا کہتے ہیں ؟

جناب ڈپٹی چیئرمین : خط ۔

جناب نبی بخش زہری : خط کا مسئلہ پیدا نہ ہو جیسا کہ ٹی-وی میں موجود ہے جناب والا ! ہم چاہتے ہیں کہ جناب وزیر صاحب اس جانب اپنی اولین فرصت دیں اور خود tour کریں اور tourism کی اپنے آپ میں صلاحیت پیدا کریں ۔ اور ملک بھر میں جائیں ان کی اپنی صحت بھی درست ہوگی اور سیاحوں کے حالات بھی معلوم ہو جائیں گے ۔

شہزادہ سعیدالرشید عباسی : پہلے آپ کے پاس آئیں گے ۔

جناب نبی بخش زہری : ہم آپ کا خیر مقدم کرتے ہیں میں ان الفاظ کے ساتھ اپنی تقریر ختم کرتا ہوں اور شکریہ ادا کرتا ہوں ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین : سینٹر کمال اظفر ۔

**Mr. Kamal Azfar :** Sir, I thank, Senator Zehri's speech itself was a tourist attraction. He certainly does not fall in the category of ruins, and I think he can attract many tourists to come and listen to his speeches. I have only few brief points and submissions to make.

Mr. Chairman, Sir, first of all as regards the apprehensions expressed about the purpose of the Bill that it will throttle tourism or it will affect the pride or prestige of Pakistan, I think, these apprehensions are not well founded, in particular those apprehensions which have been expressed, because the Bill's purpose is to develop and regulate tourism in Pakistan and to give it further inpetus.

Sir, one apprehension has been expressed about the exemption procedures in the Bill but if we read clause 5 of the Bill, the exemptions are only for enterprises operated by the State, for national carriers and foreign airlines or any other agency which is entrusted with the work of Haj

pilgrimage. The exemption cannot be given to any other category, and every other category has to come within the licencing procedure except these specified categories which are given in clause 5 of the Bill and, therefore, I think this apprehension that this can be arbitrarily used and exemption can be given to anybody on individual preferences is not well founded and is not the purpose of the Bill.

Secondly, Sir, an apprehension has been expressed that the guarantee amount also will affect the working of the travel agencies, and at the same time it is said that the travel agencies if they are brought within the control of the Act would not be able to serve the prestige of Pakistan. I think, Sir, there is a contradiction in thispoint of view because the purpose of the Business Guarantee Fund, if we read sub-clause 4 of clause 7 of the Bill is that in case a travel agency fails to make payment of any amount which is due to a tourist then the Government can pay out of this Business Guarantee Fund. Therefore, it is in order to protect the prestige of Pakistan that this clause has been incorporated in the Bill.

Sir, along with this, I would like to make one or two general submissions on the question of tourism and about the licencing procedures, and I hope that the Minister of State would kindly look into these suggestions.

First of all, about the licencing procedure. When a licence is given there may be some code prescribed that the travel agent should be familiar with the history and geography of country, and should be able to fully explain the correct facts about the history of Pakistan, about its rivers and mountains, its people and the way that Pakistan has envolved in history because Pakistan is a revolution cut out from the heart of history, and I think these are the words of the Prime Minister. I think, it is important that our travel agents should not just indulge in gossips when they do not know the facts. They should be well informed about the country.

Secondly, Sir, in addition to what Senator Zehri has proposed not only there should be a travel agency offices at the airports but also the warm welcome, as you know, Sir, Pakistan is known, the people of Pakistan are known for their hospitality and the warmth with which they welcome the foreigners. But unfortunately this national character of ours is not fully reflected at the airports, and many of the travellers who come, complain that in the process of getting from the airport to the hotels that they have sometimes to pay exorbitant sums and they derive wrong conclusions about the country, and if the travel agencies have there offices there, they would willingly welcome the travellers and take them even at no cost. So, the travel agencies when they are given the licences could be asked that they must have proper arrangements at fixed rates to take the travellers from the airports to the hotels or to their place of residence, and this should be a condition of the licence that I have prescribed.

Sir, my third submission would be that we ought to try and understand systematically that there are two kinds of tourists fundamentally—the winter tourists and the summer tourists. As far as the north of Pakistan is concerned, this can attract the summer tourists but as far as the coastal part of Pakistan is concerney, which is Mekran and the rest of Sind, this

[Mr. Kamal Azfar]

can attract the winter tourists because this is one of the rare places where you can have bathing in the sea even at the hight of winter when there is winter in Scandinavia or in Norway and I think this can be made to develop something like in a winter riverain or a Pakistan riverain in these areas on a large scale. These are my submissions, Sir.

**Mr. Deputy Chairman :** Mr. Masud Ahmed Khan !

